بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

جلد نمبر 12 | بروز پیر 5 اپریل 2021ء 21 شعبان 1442ھ | شمارہ 280 | قیمت 10

www.imroz.com.pk

کہیں نہیں جا رہی یہ مجھے زبردستی باہر بھجوانے کیلئے ڈرا رہے ہیں، مریم نواز

اگر اصل میں ریاست مدینہ ہوتی تو تم اپنے عبرتناک انجام کو پہنچ چکے ہوتے، آٹا چوری، چینی چوری، گیس چوری، ووٹ چوری عوام پر مہنگائی کے طوفان کو اپنی نا اہلی اور نالائقی کو تم جہاد کہتے ہو

تم مظلوموں پر ظلم کرنے جاتے ہو، تم لوگوں کو دن دھاڑے اغوا کرانے جاتے ہو اور اسے تم جہاد کہتے ہو، تم پر بائیس کروڑ لوگوں کو جیتے جی مار دینے اور اس کو جہاد کا نام دینے پر فتوی لگنا چاہیے، نائب صدر (ن) لیگ

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بوندا باندی

موسم خوشگوار جبکہ صوبے کے وسطی اور جنوبی اضلاع میں گرمی کی شدید لہر برقرار

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بوندا باندی سے موسم خوشگوار جبکہ صوبے کے وسطی اور جنوبی اضلاع میں گرمی کی شدید لہر برقرار۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اتوار کو صوبہ کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم جبکہ سبی، کوہلو، لسبیلہ، پسنی اور تربت میں موسم

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے علاج کے لیے بیرون ملک جانے کی خبروں کو مسترد کرتے ہوئے دوٹوک اعلان کیا ہے کہ وہ کہیں نہیں جا رہی۔ ٹوئٹر پر جاری بیان میں مریم نواز نے کہا کہ ان سے کہا کس نے ہے نام نکالنے کو؟ یہ مجھے زبردستی باہر بھجوانے کیلئے ڈرامہ رچانا چاہ رہے

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

باغات خشک اور زراعت تباہی کے دہانے پر پہنچ گئی، صادق عمرانی

من پسند علاقوں میں تو بجلی کی ترسیل جاری اور باقی بلوچستان میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے

تمبو (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ باغات خشک اور زراعت تباہی کے دہانے پر پہنچ گئی منتخب اور من پسند علاقوں میں تو بجلی کی ترسیل جاری اور باقی بلوچستان میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اس ناکردہ جرم کی سزا نے صوبے کو بنجر کر کے

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

تحریک کس سی چلانی ہے ہم فیصلہ جانتے ہیں بلاول

جلسوں اور ٹرینوں میں کٹھ پتلی حکومت کو للکارا، اسی تسلسل کو لے کر پنجاب حکومت گراتے تو وفاق کے سلیکٹڈ خود ہی بھاگ جاتے، پیپلز پارٹی جماعت اتحادیوں سے مل کر یا اکیلے ہی اپوزیشن کیلئے تیار ہے

ہم کٹھ پتلی حکومت کو گھر بھیج کر دم لیں گے، ایک کروڑ نوکریوں اور 50 لاکھ گھر کا وعدہ کرنے والے عمران خان نے تین سال میں عوام کو تاریخی بیروزگاری میں دھکیل دیا ہے، ذوالفقار بھٹو کی برسی کی تقریب سے خطاب



نوڈیرو، پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری گڑھی خدا بخش میں ذوالفقار علی بھٹو کی 42 ویں برسی کے موقع پر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

دالبندین ٹریفک کا خوفناک حادثہ 3 افراد جاں بحق 1 زخمی

ماشکیل سے دالبندین آنیوالی تیل بردار زمباد پک اپ گاڑی کوئٹہ سے تفتان جانیوالی ٹرالر سے ٹکرا گئی

حادثے میں ٹرالر ڈرائیور بری طرح جھلس کر شدید زخمی ہوگئے جنھیں دالبندین میں طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا گیا ہے

دالبندین (نامہ نگار) دالبندین کے قریب ٹریفک کا خوفناک حادثہ۔ دونوں گاڑیاں جل کر خاکستر۔ تین افراد جھلس کر جاں بحق جبکہ ایک شدید زخمی۔ تفصیلات کے مطابق آر سی ڈی شاہراہ واقع یک میچ کے قریب گزن لانڈھی کے مقام پر ماشکیل سے دالبندین آنے والی تیل بردار زمباد پک اپ گاڑی کوئٹہ سے تفتان جانے والی ٹرالر سے ٹکرا گئی جس کے سبب دونوں گاڑیوں میں آگ بھڑک اٹھی جس کی وجہ سے تیل بردار زمباد پک اپ گاڑی میں سوار تین افراد امین اللہ ولد ملک محمد رفیق ملازئی سفر خان ولد جنگی خان نصروئی عامر خان ولد محمد یونس

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کراچی میں امن نواز شریف کے دور حکومت میں ہوا، مفتاح اسماعیل

نواز شریف نے اپنے دور میں ملک میں ایئر پورٹس اور موٹرویز بنائیں، لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا

نواز دور مہنگائی نہیں تھی، آج آٹا۔ چینی۔ گھی۔ تیل اور کھانے پینے کی اشیا عوام کی پہنچ سے دور ہو چکی ہے، انتخابی مہم سے خطاب

کراچی (این این آئی) کراچی میں قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 249 میں ہونے والے ضمنی انتخاب کی انتخابی مہم سے خطاب کرتے ہوئے مسلم لیگ ن کے امیدوار مفتاح اسماعیل نے کہا کہ کراچی میں امن نواز شریف کے دور حکومت میں ہوا۔ نواز شریف نے اپنے دور میں ملک میں ایئر پورٹس اور موٹرویز بنائیں۔ لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا۔ نواز دور مہنگائی نہیں تھی۔ آج آٹا۔ چینی۔ گھی۔ تیل اور کھانے پینے کی اشیا عوام کی پہنچ سے دور ہو چکی ہے۔ آج ملک میں مہنگائی کا طوفان ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے ہر چیز مہنگی کر دی۔ جو

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان ایمپلائز اینڈ ورکرز گرینڈ الائنس کا احتجاج ساتویں روز بھی جاری رہا

حکومت اور مظاہرین کے درمیان فیصلہ کن پیش نہ ہوسکی ملازمین کی جانب سے آج قومی شاہراہیں بلاک کی جائیں گی

بلوچستان ایمپلائز اینڈ ورکرز گرینڈ الائنس نے آج صوبے بھر کی قومی شاہراہوں کو صبح 9 سے شام 5 بجے تک بلاک کرنے کا بھی اعلان کر رکھا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ایمپلائز اینڈ ورکرز گرینڈ الائنس کا احتجاج ساتویں روز بھی جاری رہا، حکومت اور مظاہرین کے درمیان فیصلہ کن پیش نہ ہوسکی ملازمین کی جانب سے آج قومی شاہراہیں بلاک کی جائیں گی، تفصیلات کے مطابق بلوچستان ایمپلائز اینڈ ورکرز گرینڈ الائنس کا 25 فیصد ڈسپیریٹی الاؤنس کی فراہمی سمیت 19 نکاتی ایجنڈے کی منظوری کے لئے احتجاجی دھرنا اتوار کو ساتویں روز بھی جاری رہا، اس موقع پر کوئٹہ کی دور کشہ یونیز کی جانب سے جوائنٹ روڈ سے انسکمب روڈ تک ریلی نکالی گئی جس کے بعد ریلی کے شرکاء نے دھرنے

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سلیکٹڈ نے ملک کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے، علی مدد جتک

پاکستان میں جمہوریت و متفقہ آئین شہید ذوالفقار علی بھٹو کا وہ عظیم کارنامہ ہے جسے تاریخ میں ہمیشہ سنہری حروف سے لکھا جائے گا

مہنگائی اور بے روزگاری کے ہاتھوں عوام اپنے بچوں سمیت خودکشیاں کرنے پر مجبور ہیں، صوبائی صدر پیپلز پارٹی اور دیگر کا دعائیہ تقریب سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پاکستان میں جمہوریت و متفقہ آئین شہید ذوالفقار علی بھٹو کا وہ عظیم کارنامہ ہے جسے تاریخ میں ہمیشہ سنہری حروف سے لکھا جائے گا چار اپریل کا آغاز مدتوں گزرنے کے باوجود آج بھی آہوں اور سسکیوں سے ہوتا ہے آج کے دن ایک ناکردہ گناہ کی پاداش میں محکوم و افلاس زدہ عوام کے حقوق کے لیے آواز بلند کرنے والی عظیم ہستی کی آواز کو اس خوش فہمی پر خاموش کر دیا گیا کہ اب یہ عوام کہیں سے نہیں اٹھے گی مگر جس جہد مسلسل کا آغاز قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو نے کیا

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت ملازمین کیساتھ سنجیدہ مذاکرات کرے، جمال شاہ کاکڑ

اگر ایسا نہ کیا گیا تو صورتحال مزید خراب ہوگی، جسکا نقصان صوبے کو پہنچے گا، ریاست کو ماں کی حیثیت حاصل ہے، صوبائی صدر ن لیگ

ریاست کو ماں کی حیثیت حاصل ہے ریاست اور حکومت اپنا دل بڑا کر کے ملازمین کے مسائل کو حل کرے اگر حکومت لچک کا مظاہرہ نہیں کریگی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے حکومت اور ایمپلائز اینڈ ورکر گرینڈ الائنس کے درمیان جاری ڈیڈ لاک پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت فوری طور پر حکومتی اور اپوزیشن ارکان اسمبلی، بیوروکریٹس پر مشتمل مذاکراتی کمیٹی تشکیل دیکر ملازمین کے ساتھ سنجیدہ مذاکرات کرے اگر ایسا نہ کیا گیا تو صورتحال مزید خراب ہوگی جسکا نقصان صوبے کو پہنچے گا، یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی، جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی کے تناسب سے تنخواہوں میں

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکمران تقسیم کرو حکمرانی کرو کی فارمولا پہ کام کر رہے ہیں، نواب ثنا یوسفزئی

سپوتنک ویکسین کی ایک بزنس انٹر پرائز کے ذریعے اجارہ داری کی مذمت کرتے ہیں

بلوچ پشتون سندھی یکجا ہر شعبہ زندگی میں اپنی جدوجہد کو منظم اور تیز کرنی چاہیے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان و چیف آف ساراوان نواب محمد اسلم رئیسانی نے کہا ہے کہ حکمران انگریز کی طرح تقسیم کرو حکمرانی کرو کی x

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر منظور احمد کاکڑ و دیگر ایسٹر کا کیک کاٹ رہے ہیں

رمضان کے چاند کی رویت سے متعلق فواد چوہدری کے ٹوئٹ پر ایک مرتبہ پھر بحث چھڑ گئی

مرکزی رویت ہلال کے نومنتخب چیئرمین نے وفاقی وزیر کے بیان پر برہمی کا اظہار کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) رمضان المبارک کے

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سیکیورٹی فورسز کا شمالی وزیرستان میں آپریشن، ایک دہشتگرد ہلاک

آپریشن کے دوران مارا جانیوالا دہشتگرد زاہد الدین ٹارگٹ کلنگ، فورسز پر حملوں اور بھتہ خوری میں ملوث تھا

شمالی وزیرستان / راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

زیرو کرپشن سو فیصد ترقی پر یقین رکھتا ہے، جاوید اقبال

بزنس کمیونٹی ملک کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے جو ملکی ترقی و خوشحالی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، چیئرمین نیب

نیب ان لوگوں کے مقدمات کی پیروی کر رہا ہے جن کے پاس 1980 میں کچھ نہیں تھا تاہم اب وہ بڑی بڑی عمارتوں کے مالک بن چکے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) قومی احتساب بیورو کے چیئرمین جسٹس (ر) جاوید اقبال نے کہا ہے کہ نیب بدعنوانی کے خاتمہ کیلئے پر عزم اور زیرو کرپشن سو فیصد ترقی پر یقین رکھتا ہے، نیب صرف ریاست پاکستان کے مفادات کا تحفظ کرتا ہے۔ اتوار کو جاری بیان میں چیئرمین نیب نے کہا کہ خوشحال بزنس کمیونٹی

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

آج بھی مظلوم کشمیری پاکستان کی طرف دیکھ رہے ہیں، سراج الحق

حکومت حالات کی تبدیلی کی بجائے صرف سرکاری افسروں اور وزراء کی تبدیلی کو کارنامہ سمجھتی ہے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق نے کہا ہے کہ وزیر اعظم کو عوام کا احساس ہوتا تو بات اب دعوؤں اور اعلانات سے عمل کی

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بین الصوبائی ٹرانسپورٹ ہفتے میں دو روز بند رکھنے کا فیصلہ

مال بردار، ادویات اور دوسری ایمرجنسی سروسز کی ترسیل پر اطلاق نہیں ہوگا، این سی او سی

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں کورونا وائرس کی تیسری لہر کے پیش نظر نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) نے بین الصوبائی ٹرانسپورٹ ہفتے میں دو روز بند رکھنے کا فیصلہ کر لیا۔ ایک جاری بیان میں کہا گیا کہ این سی او سی کے اتوار کو ہونے والے

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

عمران خان نے پارلیمنٹ میں اسٹیٹ بینک سے متعلق بحث کرانیکا عندیہ دیدیا

جب آئے تو 20 ارب ڈالر کا خسارہ تھا، ہمیں قسطیں دینی تھیں، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے عالمی مالیاتی ادارے کی اسٹیٹ بینک سے متعلق شرائط پر پارلیمنٹ میں ڈیبیٹ کا عندیہ دیدیا ہے۔

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

دالبندین، آر سی ڈی شاہراہ پر گزن کے قریب زمباد پک اپ گاڑی اور ٹرالر میں تصادم کے بعد دونوں گاڑیوں میں آگ لگی ہے

کراچی میں امن نواز شریف کے دور حکومت میں ہوا، مفتاح اسماعیل

نواز شریف نے اپنے دور میں ملک میں ایئر پورٹس اور موٹرویز بنائیں، لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا

نواز دور مہنگائی نہیں تھی، آج آٹا۔ چینی۔ گھی۔ تیل اور کھانے پینے کی اشیا عوام کی پہنچ سے دور ہو چکی ہے، انتخابی مہم سے خطاب

کراچی (این این آئی) کراچی میں قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 249 میں ہونے والے ضمنی انتخاب کی انتخابی مہم سے خطاب کرتے ہوئے مسلم لیگ ن کے امیدوار مفتاح اسماعیل نے کہا کہ کراچی میں امن نواز شریف کے دور حکومت میں ہوا۔ نواز شریف نے اپنے دور میں ملک میں ایئر پورٹس اور موٹرویز بنائیں۔ لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا۔ نواز دور مہنگائی نہیں تھی۔ آج آٹا۔ چینی۔ گھی۔ تیل اور کھانے پینے کی اشیا عوام کی پہنچ سے دور ہو چکی ہے۔ آج ملک میں مہنگائی کا طوفان ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے ہر چیز مہنگی کر دی۔ جو

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں انسداد پولیو مہم ایک بار پھر ملتوی کر دی گئی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں انسداد پولیو مہم ایک بار پھر ملتوی کر دی گئی، ایمرجنسی

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ میں مسیحی برادری کی جانب سے ایسٹر کا تہوار منایا گیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں مسیحی برادری کی جانب سے ایسٹر کا تہوار منایا گیا، اس موقع پر مسیحی برادری کی جانب سے مختلف گرجا گھروں میں

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کراچی سے لاپتہ ہونے والا مریض بازیاب ہو کر اپنے گھر پہنچ گیا

مستونگ (این این آئی) مستونگ کلی گلگلنڈ کا رہائشی سمال خان ولد قائم خان ہنگلوئی جس کا 22 دسمبر کو مستونگ واپڈا گریڈ کے قریب موٹر سائیکل

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

عوام دعوے اور وعدے نہیں بلکہ نتائج چاہتے ہیں، کبیر محمد شہی

نہ گھبرانے کی نصیحت کر کے اگلے دو مہینے میں حالات ٹھیک کرنے کی نوید سناتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر میر کبیر احمد محمد شہی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم عمران خان کی عوام سے ٹیلی فونک گفتگو محض طفل تسلیوں اور کھوکھلے وعدوں پر مشتمل تھی وزیر اعظم ہر دو چار ماہ بعد قوم سے مخاطب ہو کر حسب سابق اپنی

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لورالائی میں کمسن بچی کے ساتھ دست درازی کرنے پر پولیس اہلکار گرفتار

لورالائی (این این آئی) لورالائی میں کمسن بچی کے ساتھ دست درازی کرنے پر پولیس اہلکار گرفتار،

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نیشنل پارٹی ایسٹر کے اس پر مسرت موقع پر مسیح برادری کیساتھ ہے، ترجمان

مذہبی تہوار کوئی بھی ہو کئی بھی ہو وہ خوشیوں کا سبب بلکہ خوشیوں کو ساتھ منانے کا درس لیکر آتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان نے جاری بیان میں مسیح برادری کو ایسٹر کی خوشیوں کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ نیشنل پارٹی

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کچلاک میں لڑائی جھگڑے کے دوران فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کچلاک میں لڑائی جھگڑے کے دوران فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق۔ پو

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مہنگائی نے غریب اور سرکاری ملازمین کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، عمری محمد حسنی

حکومت موجودہ مہنگائی کو دیکھتے ہوئے فوری طور پر ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کرے

دالبندین (نامہ نگار) سیاسی و قبائلی رہنما سردارزادہ گرینڈ الائنس کے احتجاجی دھرنے کی مکمل حمایت کا میر محمد عمیر محمد حسنی نے بلوچستان ایمپلائز اینڈ ورکرز

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت کا عوام اور ملازمین کیساتھ رویہ سوتیلی ماں جیسا ہے، یو آئی

حکومت نے عوام سے کوئی بھلائی نہیں کی ملازمین اپنا حق مانگ رہے ہیں جو انہیں ملنا چاہیے، آغا محمود شاہ

حکومت نے آنے قبل بڑے بڑے دعوے کئے گئے اور عوام کو بے وقوف بنایا گیا لیکن انہیں عوام کی عزت نہیں ملی حکومت کا جلد ہی خاتمہ ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی آغا محمود شاہ نے بلوچستان ایمپلائز اینڈ ورکرز گرینڈ الائنس کی جانب سے آج صوبے کی قومی شاہراہوں پر کی جانے والی پہیہ جام ہڑتال کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کا عوام اور ملازمین کے ساتھ رویہ سوتیلی ماں جیسا ہے، حکومت نے عوام سے کوئی بھلائی نہیں کی ملازمین اپنا حق مانگ رہے ہیں جو انہیں ملنا چاہیے، ملازمین کا احتجاج رنگ لائیگا یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں بلوچستان ایمپلائز اینڈ ورکرز گرینڈ الائنس کے دھرنے سے خطاب کرتے

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان ڈسپیریٹی ریڈکشن الاؤنس سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عمران خان پاکستان کا ڈاکٹر نجیب اللہ ہے، مولانا فضل الرحمن

سکھر (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ و پی ڈی ایم کے صدر مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

فیصل جاوید کا لائیو کال سیشن کے دوران بلاول بھٹو اور مریم نواز پر طنز

کسی پارٹی کا کارکن بھی وزیر اعظم کو کال کر کے سوال پوچھ سکتا ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر فیصل جاوید نے وزیر اعظم کے لائیو کال سیشن کے دوران چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو اور

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سندھ میں پی ٹی آئی کی پارلیمانی جماعت میں اختلافات، ایم پی اے مستعفی

کراچی (این این آئی) تحریک انصاف کے کریم بخش گبول نے سندھ اسمبلی کی رکنیت سے استعفیٰ

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

انڈونیشیا، طوفانی بارشوں، سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ سے 44 افراد ہلاک اور متعدد زخمی

فلورلیس جزیرے کے مشرقی علاقے میں پل اور سڑکیں تباہ ہونے سے ٹریفک کا نظام درہم برہم

جکارتا (این این آئی) انڈونیشیا میں طوفانی بارشوں، سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ سے 44 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے۔ عالمی میڈیا کے مطابق انڈونیشیا

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ ضروری ہے، پشتونخوا میپ

مرکز اور صوبے میں نااہل، ناکام سلیکٹڈ نام نہاد حکومتیں ملکی تاریخ کی بدترین مہنگائی، بیروزگاری عوام پر مسلط کر چکے ہیں، عبدالرحیم زیارتوال

بڑی تیزی سے ناکام ریاست کی جانب گامزن ہے جس کا تدارک پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے پلان، پالیسی اور بیانیہ سے ممکن ہے

ہرنائی (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع ہرنائی کے ضلعی کمیٹی کا اجلاس پارٹی کے مرکزی وصوبائی سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں گزشتہ کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی اور ضلع کمیٹی ہرنائی نے رپورٹ پر تفصیلی بحث کی اور آخر میں تمام علاقائی یونٹوں کو پارٹی کارکردگی مزید بہتر کرنے کی ہدایت کی گئی۔ ضلعی کمیٹی نے پارٹی کے علاقائی یونٹوں کو ہدایت کی کہ جو ذمہ داریاں سونپی گئی وہ احسن طریقے سے پایہ تکمیل پہنچائیں اور اپنے قومی وطنی ذمہ داریوں کو پورا کریں۔ اجلاس میں چند قرار دادیں بھی پیش کی گئی

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

لورالائی مہنگائی کا جن بے قابو عوام کے صبر کو پیمانہ لبریز

اشیاء ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ سے غریبوں کی مشکلات میں اضافہ

لورالائی (آئی این پی) لورالائی شہر میں رمضان المبارک کی آمد کے ساتھ ہی اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافے کا رجحان شہر میں مہنگے داموں ضروریات زندگی خریدنے پر مجبور تھے دوسری جانب تمام تر حکومتی دعوں اور اعلانات کے باوجود شہر کے

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر آباد، دن دیہاڑے ڈاکوؤں نے کپڑے کے تاجر کو لوٹ لیا

وزیر آباد (این این آئی) ریلوے کالونی

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کورونا کی تیسری لہر، سی اے اے نے نیا سفری ہدایت نامہ جاری کر دیا

کراچی (این این آئی) کورونا وائرس کی تیسری لہر

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اپوزیشن کی جانب سے بلوچستان اسمبلی کا ریکوزٹ اجلاس بلا ئینگے، ثناء بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی ثناء بلوچ نے کہا ہے کہ ملازمین کے

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گیس کی عدم فراہمی کی وجہ سے لورالائی کے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا

لورالائی (نامہ نگار) لورالائی کے عوامی و سماجی حلقوں نے کہا کہ لورالائی کو گیس کی فراہمی کے حکومتی دعوے محض اعلانات تک ہی محدود رہ گئے

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سندھ میں پی ٹی آئی کی پارلیمانی جماعت میں اختلافات، ایم پی اے مستعفی

کراچی (این این آئی) تحریک انصاف کے کریم بخش گبول نے سندھ اسمبلی کی رکنیت سے استعفیٰ

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ ضروری ہے، پشتونخوا میپ

مرکز اور صوبے میں نااہل، ناکام سلیکٹڈ نام نہاد حکومتیں ملکی تاریخ کی بدترین مہنگائی، بیروزگاری عوام پر مسلط کر چکے ہیں، عبدالرحیم زیارتوال

بڑی تیزی سے ناکام ریاست کی جانب گامزن ہے جس کا تدارک پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے پلان، پالیسی اور بیانیہ سے ممکن ہے

ہرنائی (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع ہرنائی کے ضلعی کمیٹی کا اجلاس پارٹی کے مرکزی وصوبائی سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں گزشتہ کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی اور ضلع کمیٹی ہرنائی نے رپورٹ پر تفصیلی بحث کی اور آخر میں تمام علاقائی یونٹوں کو پارٹی کارکردگی مزید بہتر کرنے کی ہدایت کی گئی۔ ضلعی کمیٹی نے پارٹی کے علاقائی یونٹوں کو ہدایت کی کہ جو ذمہ داریاں سونپی گئی وہ احسن طریقے سے پایہ تکمیل پہنچائیں اور اپنے قومی وطنی ذمہ داریوں کو پورا کریں۔ اجلاس میں چند قرار دادیں بھی پیش کی گئی

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

1

ہزارہ عبدالله بخاری، ریکارڈ سیکرٹری داد محمد خدادی، آئی سیکرٹری نجیب خان ایجنسی سوشل میڈیا سیکرٹری ظفرخان وادی، حاجی بشیر گھوکھر کے خطاب کیا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے ملک میں جمہوریت کی بالادستی کے لیے عظیم الشان قربانی دی اور 42 برس گزرنے کے باوجود آج بھی بھٹو شہید عوام کے دلوں اور ذہنوں میں زندہ ہیں کیونکہ شہید بھٹو نے ملک کو ایٹمی طاقت اور آج معاشی استحکام دیا جس سے ملک دشمن قوتیں بوکھلاہٹ کا شکار ہیں انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے ملک میں جمہوریت کی بالادستی کے لیے عظیم الشان قربانی دی اور 42 برس گزرنے کے باوجود آج بھی بھٹو شہید عوام کے دلوں اور ذہنوں میں زندہ ہیں کیونکہ شہید بھٹو نے قلیل عرصے میں ملک کو ایٹمی طاقت اور آج معاشی استحکام دیا جس سے ملک دشمن قوتیں بوکھلاہٹ کا شکار ہیں انہوں نے کہا کہ شہید بھٹو نے ملک کو آئین دیا، انہوں نے کہا کہ شہید بھٹو کی سیاست کی بنیاد عوام کی طاقت پر تھی انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی بنیاد ہی عوام کی طاقت پر ہے انہوں نے کہا کہ شہید بھٹو نے ملک کو متفقہ آئین دیا، انہوں نے کہا کہ شہید بھٹو کی سیاست کی بنیاد عوام کی طاقت پر تھی انہوں نے کہا کہ شہید بھٹو نے ملک کو

روزنامہ امروز کوئٹہ

روزنامہ امروز کوئٹہ بروز پیر 05 اپریل 2021ء

اردن، بادشاہ پر تنقید کیخلاف سخت ایکشن، شہزادہ حمزہ بھی محل میں نظر بند

عمان (این این آئی) اردن کے بادشاہ عبداللہ پر تنقید کرنے والوں کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن شروع کر دیا گیا۔ تنقید کرنے پر بادشاہ عبداللہ کے سوتیلے بھائی شہزادہ حمزہ بن حسین کو بھی محل میں نظر بند کر دیا گیا ہے۔ اردن کے سابق ولی عہد نے اپنے سوتیلے بھائی اور ملک کے بادشاہ پر کرپشن، نااہلی اور لوگوں کو ہراساں کرنے کے الزامات عائد کیے تھے۔ حکومت کی جانب سے شہزادہ حمزہ بن حسین کو گرفتار کرنے کی تردید کی گئی تھی۔ رپورٹ کے مطابق کریک ڈاؤن شہزادہ حمزہ بن حسین کی جانب سے قبائل سے ملاقات کے بعد شروع

بقیہ 1 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارت میں ماؤ نواز باغیوں کے حملے میں 22 فوجی ہلاک 32 زخمی ایک لاپتہ

بھارتی فوج کی جانب سے ماؤ باغیوں کے خلاف بڑے پیمانے پر آپریشن شروع کیا گیا تھا، حملے میں بڑے پیمانے پر بھارتی فوجیوں کے جانی نقصان پر بھارتی صدر اور وزیراعظم نریندر مودی کا افسوس کا اظہار

آپریشن کے دوران تقریباً 2000 کے قریب اہلکاروں نے حصہ لیا تاہم جیسے ہی اہلکاروں نے جنگل میں گھسنے کی کوشش کی اسی دوران باغیوں نے حملہ کر دیا، آپریشن میں ماؤ باغیوں کو بھی شدید جانی نقصان کا سامنا کرنا پڑا

چھتیس گڑھ (این این آئی) بھارت کی ریاست چھتیس گڑھ میں ماؤ نواز باغیوں کے حملوں میں 22 فوجی اہلکار ہلاک اور 32 زخمی ہوگئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ریاست چھتیس گڑھ میں ماؤ نواز باغیوں کے حملے میں 22 فوجی اہلکار ہلاک اور 32 زخمی ہوگئے، ایک اہلکار اب بھی لاپتہ ہے، حملے کے بعد سیکیورٹی فورسز کے مزید دستے جونا گوڑا گاؤں میں پہنچے، زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ بھارتی حکام کے مطابق آپریشن باغیوں کے سرگرم رکن مادوی بڈما کی موجودگی کی خفیہ اطلاع پر شروع کیا گیا تاہم گزشتہ روز باغیوں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کا سلسلہ شروع ہوا جو 4 گھنٹے تک جاری رہا۔ آپریشن کے دوران تقریباً 2000 کے قریب اہلکاروں نے حصہ لیا تاہم جیسے ہی اہلکاروں نے جنگل میں گھسنے کی کوشش کی اسی دوران باغیوں نے حملہ کر دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق آپریشن میں ماؤ باغیوں کو بھی شدید جانی نقصان کا سامنا کرنا پڑا تاہم حملے کی جگہ سے صرف ایک خاتون کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ دوسری جانب حملے میں بڑے

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

انڈونیشیا جہاز اور ماہی گیروں کی کشتی کے درمیان تصادم 17 ماہی گیر لاپتہ

بحیرہ جاوا میں ماہی گیروں کی کشتی مال بردار جہاز سے ٹکرا کر الٹ گئی، کشتی میں 32 افراد موجود تھے، پندرہ کو بحفاظت نکال لیا

5 غوطہ خوروں پر مشتمل ریسکیو ٹیم لاپتہ ہونے والے دیگر 17 افراد کی تلاش کا کام جاری رکھے ہوئے ہے تاہم ان کے زندہ ملنے کی امیدیں نہایت کم ہیں

جکارتہ (این این آئی) انڈونیشیا میں مال بردار جہاز اور ماہی گیروں کی کشتی کے درمیان خوفناک تصادم ہوگیا جس کے نتیجے میں 17 ماہی گیر لاپتہ ہوگئے جن کے زندہ ملنے کی امیدیں دم توڑ گئی ہیں۔ عالمی میڈیا کے مطابق انڈونیشیا کے بحیرہ جاوا میں ماہی گیروں کی کشتی مال بردار جہاز سے ٹکرا کر الٹ گئی، کشتی میں 32 افراد موجود تھے۔ غوطہ خوروں کی ٹیم نے سرچ اپریشن کے دوران 15 افراد کو بحفاظت نکال کر محفوظ مقام پر منتقل کیا تاہم 17 افراد تاحال لاپتہ ہیں۔ کوسٹ گارڈ کے ترجمان نے بتایا کہ 5 غوطہ خوروں پر مشتمل ریسکیو ٹیم لاپتہ ہونے والے

بقیہ 2 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کی جانب سے 2 ایمبولینس اور 20 موٹر سائکلوں کی چابیاں وصول کر رہا ہے

مصر میں 18 فرعونوں اور 4 ملکاؤں کی حنوط شدہ باقیات نئے عجائب گھر منتقل

21 توپوں کی سلامی، 22 ممیز کونائیٹروجن سے بھرے کیپسول میں مصری تہذیب کے بنائے گئے نئے میوزیم میں لایا گیا

تقریب کے دوران پیدل چلنے والوں اور گاڑیوں پر سوار افراد کو موجودہ میوزیم کی سائٹ اور پریڈ روٹ کے دیگر حصوں میں آنے کی اجازت نہیں تھی

قاہرہ (این این آئی) مصر میں 18 فرعونوں اور 4 ملکاؤں کی حنوط شدہ باقیات نئے عجائب گھر منتقل کر دیں گئیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق مصر میں حنوط شدہ ممیز کو 21 توپوں کی سلامی دی گئی۔ 22 ممیز کو نائیٹروجن سے بھرے کیپسول میں مصری تہذیب کے بنائے گئے نئے میوزیم میں لایا گیا۔ تقریب میں مصر کے صدر سمیت دیگر عہدیدار شامل تھے۔ حنوط شدہ ممیز کو 48 منٹ کا سفر طے کر کے مصری تہذیب کے عجائب گھر منتقل کیا گیا۔ اس دوران شاہراہوں کو خوبصورت لائٹوں اور بینرز سے سجایا گیا تھا۔ مصر کے وزارت داخلہ کے مطابق

بقیہ 4 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان، افغانستان کیلئے سب سے اہم ہے رہے گا، امریکی رپورٹ

بیرونی طاقتوں کی مداخلت کے باعث افغانستان کے علاقائی حالات متاثر رہیں گے، بعض معاملات میں پاکستان کا منفی کردار رہا

اگر ہم چلے جاتے ہیں تو ہم ایک مرتبہ پھر افغانستان کو بین الاقوامی دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہ بن جائے گا، جینس اسٹولٹن برگ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی کانگریس کے ارکان کی جانب سے تیار کردہ سرکاری رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ افغان تنازعات کے حل کے لیے پاکستان سب سے اہم ہمسایہ ملک ہے اور رہے گا۔ رپورٹ کے مطابق کانگرسنیل ریسرچ سروس (سی آر ایس) کی تیار کردہ رپورٹ میں یہ استدلال پیش کیا گیا کہ بیرونی طاقتوں کی مداخلت کے باعث افغانستان کے علاقائی حالات متاثر رہیں گے۔ اس میں مزید کہا گیا کہ اس سلسلے میں سب سے اہم پڑوسی ملک پاکستان ہے جس نے کئی دہائیوں سے افغان معاملات میں فعال کردار ادا کیا۔ علاوہ ازیں رپورٹ میں کہا گیا کہ بعض معاملات میں پاکستان کا منفی کردار رہا۔ 25 مارچ کو کانگریس کو بھیجی گئی رپورٹ میں دو اہم امور کی نشاندہی کی گئی ہے۔ جس میں کہا گیا کہ انٹرا افغان مذاکرات کا ماحول غالب رہے گا اور افغان ریاست کے مستقبل کے ڈھانچے اور خدوخال کا تعین ہوگا۔ رپورٹ میں نیٹو کے سیکریٹری جنرل جینس اسٹولٹن برگ کا حالیہ حوالہ بھی شامل ہے۔ جنہوں نے افغانستان سے امریکی اور

بقیہ 5 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال سے رکن صوبائی اسمبلی خلیل جارج کی قیادت میں مسیحی برادری کا وفد ملاقات کر رہا ہے

امریکہ نے کورونا ویکسین لگوانیوالوں کو بیرون ملک سفر کی اجازت دیدی

اگر لوگ ماسک پہنیں اور سماجی فاصلے جیسی احتیاطی تدابیر اختیار کریں تو وہ سفر کر پائیں گے، امریکی محکمہ صحت

نئے قواعد وضوابط اس لیے جاری کیے گئے ہیں کیونکہ ان دنوں امریکہ میں موسم بہار اور ایسٹر کی چھٹیاں ہیں

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ نے کورونا ویکسین لگوانے والوں کو بیرون ملک سفر کی اجازت دے دی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی محکمہ صحت کے حکام نے کہا کہ جو لوگ کورونا ویکسین لگوا چکے ہیں وہ اب احتیاطی تدابیر کے ساتھ بیرون ملک سفر کر سکتے ہیں۔ امریکی محکمہ صحت نے کہا کہ اگر لوگ ماسک پہنیں اور سماجی فاصلے جیسی احتیاطی تدابیر اختیار کریں تو وہ سفر کر پائیں گے۔ سینئر فار ڈیزیز کنٹرول اینڈ پریونشن کے مطابق کورونا کی دو ویکسین لگوانے والوں کو قرنطینہ اور سفر کے بعد کورونا ٹیسٹ کی ضرورت بھی نہیں ہوگی تاہم امریکہ آنے سے پہلے

بقیہ 6 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مچھ، نوبزادہ جعفر خان مگسی کیساتھ حاجی میر مولا داد راہیجہ میر ماندہ خان سالانی و دیگر کا گروپ فوٹو

کورونا سے آئی تاریکیاں بھی چھٹ جائیں گی، پوپ فرانسس

ٹوٹے دلوں سے فن تخلیق ہوسکتا ہے، انسانیت کی باقیات سے تاریخ رقم کی جاسکتی ہے، خطاب

پیرس (این این آئی) کیتھولک مسیحیوں کے روحانی پیشوا پوپ فرانسس نے کہا ہے کہ کورونا سے آئی تاریکیاں بھی چھٹ جائیں گی۔ ویٹی کن میں تقریب سے کیتھولک مسیحیوں کے روحانی پیشوا پوپ فرانسس نے اپنے خطاب میں کہا کہ ایک نیا آغاز ہمیشہ ممکن ہوتا ہے کیونکہ انسان کی تمام تر ناکامیوں کے باوجود خدا پھر سے نئی زندگی دے سکتا

بقیہ 9 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کورونا کے مریضوں میں اضافے کے بعد فرانس میں تیسرا قومی لاک ڈاؤن نافذ

فیصلے کے تحت ملک بھر کے تمام سکول اور غیر ضروری دکانیں آئندہ چار ہفتوں کے لیے بند رہے گی

پیرس (این این آئی) فرانس میں کورونا کے انتہائی تشویشناک حالت کے مریضوں کی تعداد میں اضافے کے پیش نظر ملک میں قومی سطح پر تیسرا لاک ڈاؤن نافذ کر دیا گیا، کورونا وائرس کی تیسری لہر کے دوران ملک کے ہسپتالوں پر بڑھتے دباؤ کے باعث یہ فیصلہ کیا گیا۔ فیصلے کے تحت ملک بھر کے تمام سکول اور غیر ضروری دکانیں آئندہ چار ہفتوں کے لیے بند

بقیہ 10 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

برطانیہ، شہریوں کو بیرون ملک سفر کی اجازت ملنے کا امکان

برطانوی وزیراعظم 17 مئی کو بیرون ملک سفر کی پابندیوں میں نرمی کر سکتے ہیں، میڈیا رپورٹ

لندن (این این آئی) عالمی وبا کورونا وائرس کے پیش نظر جاری لاک ڈاؤن میں نرمی کے سبب برطانوی شہریوں کو 17 مئی سے تعطیلات بیرون ملک منانے جانے کی اجازت ملنے کا امکان ہے۔ برطانیہ میں کورونا وائرس سے اموات میں کمی واقع ہوئی ہے، کورونا ویکسین زیادہ افراد کو لگنے کے بعد باہر جانیکی اجازت ملنے کا امکان ہے۔ امکان

بقیہ 11 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کورونا سے صحتیاب افراد کیلئے ویکسین کی ایک ڈوز ہی کافی قرار

یہ ویکسین آکسفورڈ یونیورسٹی اور دوائیں بنانے والی کمپنی ایسٹرازینیکا کے اشتراک سے تیار کی گئی ہے

نیویارک (آن لائن) امریکا میں سائنسدانوں نے دعویٰ کیا ہیکہ کورونا سے صحتیاب افراد کیلئے ویکسین کی ایک ہی ڈوز کافی ہے، تحقیق سے ثابت ہوا کہ

بقیہ 30 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر منظور احمد کاکڑ ملک خدا بخش، عبدالرؤف رند، حاجی ولی محمد نورزئی، میر فرید احمد رئیسانی، احسان اللہ خاکسار، نوراللہ، کامران خان، لیاقت ہزارہ، سائر علی اعوام و دیگر مقررین شہید نوابزادہ مری سراج کان رئیسانی کی 58 ویں سالگرہ کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

یورپی یونین میں غربت کے شکار بچوں کی تعداد میں اضافہ

غربت سے متاثرہ بچوں کی ابتدائی تعلیم اور نگہداشت تک رسائی کی ضمانت فراہم کریں

برسلز (آن لائن) یورپی کمیشن نے رکن ممالک سے غربت کے شکار بچوں کی تعداد میں کمی لانے کے لیے کوششیں تیز تر کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ یورپی کمیشن کے مطابق سن دو ہزار انیس میں یورپی یونین کے بائیس فیصد بچوں کو غربت اور معاشرتی تنہائی جیسے عوامل کا سامنا تھا۔ مجموعی طور پر یہ تعداد اٹھارہ ملین بنتی ہے۔ یورپی یونین کے منصوبے کے

بقیہ 15 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

روس میں سابقہ ملکہ حسن کو ان کے دوست نے ہی گلہ کاٹ کر قتل کر دیا، سر کٹی لاش برآمد

اسی ڈر کی وجہ سے ایک دن میں اس کو جنگل میں لے گیا جہاں میں نے اس کا سر قلم کیا اور لاش برف میں چھپا دیا

ماسکو (این این آئی) روس میں سابقہ ملکہ حسن کو ان کے دوست نے ہی گلہ کاٹ کر قتل کر دیا۔ برطانوی میڈیا کے مطابق 33 سالہ روسی حسینہ اولگا شلیا مینا گزشتہ 5 روز سے لاپتہ تھیں جس پر ان کے اہل خانہ نے پولیس میں رپورٹ درج کرائی، پولیس نے کارروائی کا آغاز کیا اور تلاش کے دوران روس کے قصبے نووودوینکس سے روسی حسینہ اولگا کی سر کٹی

بقیہ 16 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

دنیا: کورونا وائرس کیسز 13 کروڑ 13 لاکھ سے متجاوز

24 گھنٹوں کے دوران 5 لاکھ سے زائد کورونا وائرس کے نئے کیسز سامنے آئے ہیں

نیویارک (این این آئی) دنیا کا کوئی خطہ کورونا وائرس کی موذی وباء سے محفوظ نہیں، اس کے مریضوں اور اموات میں مسلسل اضافہ جاری ہے۔ دنیا بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 5 لاکھ سے زائد کورونا وائرس کے نئے کیسز سامنے آئے ہیں جبکہ 7 ہزار 900 سے زائد افراد موت کے منہ میں پہنچ گئے۔ دنیا بھر میں کورونا وائرس سے

بقیہ 14 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

برطانیہ میں ایسٹرازینیکا ویکسین لگوانے کے بعد خون جمنے سے 7 افراد ہلاک

لندن (این این آئی) برطانیہ میں ایسٹرا زینیکا ویکسین لگوانے کے بعد خون جمنے سے سات افراد کی موت ہوگئی۔ برطانوی میڈیا کے مطابق ایسٹرا زینیکا ویکسین لگوانے والے ایک کروڑ اسی لاکھ میں سے تیس افراد کو خون جمنے کی شکایت ہوئی ہے جس

بقیہ 13 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

لندن، پولیس اختیارات میں اضافے کے بل کے خلاف مظاہرے

لندن (این این آئی) وسطی لندن میں پولیس اختیارات میں اضافے کے بل کے خلاف مظاہرے کیے جارہے ہیں، جس میں مشتعل افراد کی پولیس سے جھڑپیں ہوئیں، 10 اہلکار زخمی ہوگئے۔ احتجاج کے بعد دھرنا دینے والے 26

بقیہ 17 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ویکسین لگوانے والوں کو کم پابندیوں کا سامنا کرنا پڑے گا، جرمن وزیر صحت

برلن (آن لائن) جرمن وزیر صحت ڈینز شپاہن کے مطابق جو شہری کورونا ویکسین لگوائیں گے، آئندہ ہفتوں کے دوران انہیں کم پابندیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ ویکسین لگوانے والے افراد منفی کورونا ٹیسٹ دیکھائے بغیر ہی دکانوں اور

بقیہ 18 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سینکڑوں ملین فیس بک صارفین کا ڈیٹا چوری ہونے کا انکشاف

واشنگٹن (آن لائن) ہیکرز نے 106 ممالک کے 533 ملین سے زیادہ فیس بک صارفین کا ذاتی ڈیٹا

بقیہ 20 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

فیس بک کے 50 کروڑ صارفین کی معلومات ہیک ہوگئیں

نیویارک (این این آئی) سماجی رابطے کی ویب سائٹ فیس بک کے پچاس کروڑ صارفین کی معلومات ہیک ہوگئیں۔ ہیکرز نے صارفین کے فون نمبرز، نام، گھروں کے پتے، ای میل ایڈریس اور دیگر ذاتی معلومات انٹرنیٹ پر ڈال

بقیہ 7 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ہائی کورٹ نے کالے قانون کے تحت دو نوجوانوں کی نظر بندی کے احکامات کالعدم قرار دیئے

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں ہائی کورٹ نے کالے قانون پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت دو نوجوانوں کی غیر قانونی نظر بندی کے احکامات کو کالعدم قرار دیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق جسٹس راجیش اوسوال پر مشتمل یک رکنی بینچ نے پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت نظر بندی کے احکامات کو کالعدم قرار دیتے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

جھل مگسی، کمشنر عابد سلیم قریشی کو ایکس ای این حامد بنگلزئی نوتال ٹو گندواہ روڈ کے تعمیراتی کام کے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

رواں سال ایسٹر کی آمد اچھے دنوں کی امید لائی ہے، برطانوی وزیراعظم

دوران گرجا گھروں کی جانب سے لوگوں کی جس طرح مدد کی گئی، اسے خراج تحسین پیش کیا

لندن (این این آئی) برطانوی وزیراعظم بورس جانسن نے کہا ہے کہ رواں سال ایسٹر کی آمد اچھے دنوں کی امید لائی ہے۔ انھوں نے اپنی ٹویٹ میں کہا کہ یہ اپنے ساتھ نئی امید لائی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اپنا خیال رکھیں، قواعد پر عمل کرتے رہیں، اور ایسٹر کی مبارکباد۔ اپنے ایسٹر پیغام میں انھوں نے عالمی وبا کے دوران گرجا گھروں کی جانب سے

بقیہ 12 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکا ایران پر عائد تمام غیر قانونی پابندیاں فوری طور پر ختم کرے، چین

امریکا نے جوہری معاہدے سے علیحدہ ہوکر غلط میں تناؤ پیدا کیا، ترجمان چینی وزارت خارجہ

بیجنگ (این این آئی) چین نے کہا ہے کہ ایران پر عائد تمام غیر قانونی پابندیوں کو ختم کر کے امریکا پھر سے عالمی جوہری معاہدے کا حصہ بن جائے تو خیر مقدم کریں گے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق چین کے وزارت خارجہ کے ترجمان ہوا چونیگ نے کہا ہے کہ امریکا یعالمی جوہری معاہدے سے یک طرفہ طور پر دستبردار اور ایران پر

بقیہ 22 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مقتول صحافی ڈینیئل پرل کیلئے انصاف کی کوشش جاری رہے گی، امریکا

امریکی سیکریٹری خارجہ نے مقتول امریکی صحافی ڈینیئل پرل کے اہل خانہ سے بات کر کے انہیں یقین دہانی کرائی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سیکریٹری خارجہ انٹونی جے بلنکین نے مقتول امریکی صحافی ڈینیئل پرل کے اہل خانہ سے بات کر کے انہیں یقین دہانی کرائی ہے کہ جو بائیڈن انتظامیہ مقتول کے لیے انصاف کی کوشش کرتی رہے گی۔ محکمہ خارجہ کے ترجمان نیڈ پرائس نے بتایا کہ سیکریٹری خارجہ انٹونی جے بلنکین نے جمعے کو ڈینیئل پرل کے اہل خانہ اور ان کے نمائندوں سے بات کی۔ انٹونی جے بلنکین نے بتایا کہ ملاقات میں انہیں یقین دلایا گیا کہ امریکی حکومت ڈینیئل پرل کے اغوا اور قتل میں ملوث افراد کے لیے انصاف اور احتساب کے لیے پرعزم ہے۔ ڈینیئل پرل وال اسٹریٹ جرنل کے ساؤتھ ایشیا بیورو میں کام کرتے تھے اور 2002 میں القاعدہ سے متعلق ایک کہانی کی تحقیقات کے

بقیہ 26 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مقتول صحافی ڈینیئل پرل کیلئے انصاف کی کوششیں جاری رہیں گی، امریکا

واشنگٹن (آن لائن) امریکی سیکریٹری خارجہ انٹونی جے بلنکین نے مقتول امریکی صحافی ڈینیئل پرل کے اہل خانہ سے بات کر کے انہیں یقین دہانی کرائی ہے کہ جو بائیڈن انتظامیہ مقتول کے لیے انصاف کی کوششیں کرتی رہے گی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق محکمہ خارجہ کے ترجمان نیڈ پرائس نے بتایا کہ سیکریٹری خارجہ انٹونی جے بلنکین نے جمعے کو ڈینیئل پرل کے اہل خانہ اور ان کے نمائندوں سے

بقیہ 27 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مودی سرکار کے اوچھے ہتھکنڈے

کسانوں کو گندم کی امدادی قیمت دینے سے انکار کر دیا

نئی دہلی (این این آئی) کسان اور مودی سرکار آمنے سامنے آ گئے۔ حکومت نے کاشتکاروں کو گندم کی امدادی قیمت دینے سے انکار کر دیا، ہریانہ کے وزیر اعلیٰ کو کسانوں نے روہتک شہر میں جلسے کے دوران گھیر لیا۔ گندم کی کٹائی، کسانوں اور مودی سرکار میں نیا پھڈا، حکومت نے کاشتکاروں کو امدادی قیمت دینے سے انکار کر دیا، غلہ منڈیوں کے باہر گندم

بقیہ 21 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارتی فورسز نے ضلع پلوامہ میں 10 نوجوان گرفتار کر لئے

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فورسز نے ضلع پلوامہ میں مختلف مقامات پر چھاپوں اور محاصروں اور تلاشی کی مختلف کارروائیوں کے دوران 10 نوجوانوں کو گرفتار کیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی فوج، پیرا ملٹری سینٹرل ریزرو پولیس

بقیہ 25 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

صومالیہ میں چائے کے ہوٹل پر خودکش حملہ 4 ہلاک اور 5 زخمی

ہلاک ہونے والوں میں ایک بچہ بھی شامل ہے، عالمی میڈیا کی رپورٹ

جائے وقوعہ سے خودکش حملہ آور کے جسم کے ٹکڑے ملے ہیں جنہیں فرانزک لیب بھیجا گیا ہے

موغا دیشو (این این آئی) صومالیہ میں چائے کے ہوٹل پر حملہ آور نے خود کو دھماکے سے اڑا لیا جس کے نتیجے میں بچے سمیت 4 نوجوان ہلاک اور 5 زخمی ہوگئے۔ عالمی میڈیا کے مطابق صومالیہ کے دارالحکومت موغادیشو میں نوجوانوں میں مشہور چائے کے ہوٹل پر خودکش بمبار نے حملہ کر دیا۔ خودکش حملے میں ایک بچے سمیت 4 نوجوان ہلاک اور 5 زخمی ہوگئے۔ چائے کے ہوٹل کے نزدیک ہی پولیس اسٹیشن موجود ہے اور اس ہوٹل میں نوجوانوں کی بڑی تعداد ہر وقت موجود رہتی تھی جب کہ پولیس اہلکار بھی یہیں سے چائے لیتے تھے۔ پولیس کے

بقیہ 23 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

چین کے سوشل میڈیا اسٹار شن یوژ نے عالمی ریکارڈ قائم کر دیا

12 گھنٹے میں 47 ارب کا سامان آن لائن فروخت کروا کر عالمی ریکارڈ بنا ڈالا

بیجنگ (این این آئی) چین کے ایک مشہور سوشل میڈیا اسٹار نے صرف 12 گھنٹے کی لائیو اسٹریمنگ میں تقریباً 30 کروڑ 60 لاکھ ڈالر (47 ارب پاکستانی روپے) مالیت کا سامان فروخت کر کے ایک نیا عالمی ریکارڈ قائم کر دیا ہے۔ خبروں کے مطابق، چین میں ویڈیو اسٹریمنگ کے مشہور پلیٹ فارم ''کوائی شو'' پر 4 کروڑ سے زائد فالوورز رکھنے والے سوشل میڈیا انفلوئنسر، شن یوژی المعروف ''سمبا'' نے گزشتہ ہفتے بارہ گھنٹے تک مسلسل لائیو اسٹریمنگ میں مختلف مصنوعات اپنے چاہنے والوں کے سامنے ''برائے فروخت'' پیش کیں جو ہاتھوں

بقیہ 24 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کورونا وائرس انڈیا میں ایک دن میں 93 ہزار سے زیادہ متاثرین 500 اموات

سات دن تک انڈیا میں کورونا انفیکشن کے جو نئے متاثرین اب سامنے آرہے ہیں وہ بھی دنیا میں سب سے زیادہ ہیں

رواں ہفتے انڈیا میں کورونا کے نئے متاثرین کی جو تعداد سامنے آئی ہے، اس کی بنیاد پر انڈیا کو دنیا میں کورونا انفیکشن کا موجودہ ہاٹ سپاٹ کہنا غلط نہیں ہوگا

نئی دہلی (این این آئی) رواں ہفتے انڈیا میں کورونا کے نئے متاثرین کی جو تعداد سامنے آئی ہے، اس کی بنیاد پر انڈیا کو دنیا میں کورونا انفیکشن کا موجودہ ہاٹ سپاٹ کہنا غلط نہیں ہوگا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق انڈیا میں 93 ہزار سے زیادہ نئے متاثرین کی تصدیق ہوئی اور کووڈ 19 کے باعث 500 سے زائد افراد کی موت ہوگئی۔ یہ تعداد پوری دنیا میں سب سے زیادہ ہے۔ روزانہ کی تعداد میں کورونا انفیکشن کے نئے متاثرین کے حساب سے انڈیا نے امریکہ اور برازیل کو بھی پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ انڈیا نے کورونا انفیکشن کے نئے متاثرین کے معاملے

بقیہ 29 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی اور ٹریفک پولیس کی مشترکہ کارروائی کے دوران ٹریفک میں خلل کا باعث بننے اور شہریوں کی مشکلات پیدا کرنے والے 55 رکشوں کے پرمٹ کینسل کئے گئے ہیں

اردن میں بادشاہ پر تنقید کرنیوالوں کیخلاف بڑا کریک ڈاؤن

شاہ عبداللہ کے سوتیلے بھائی نظر بند، امریکہ وسعودیہ کا شاہ عبداللہ کی حمایت کا اعلان

عمان (این این آئی) اردن میں بادشاہ پر تنقید کرنیوالوں کیخلاف بڑا کریک ڈاؤن کیا گیا۔ بادشاہ عبداللہ کے سوتیلے بھائی شہزادہ حمزہ بن حسین کو محل میں نظر بند کر دیا گیا۔ اردن کے سابق ولی عہد نے اپنے سوتیلے بھائی اور ملک کے بادشاہ پر کرپشن، نااہل ہونے اور لوگوں کو ہراساں کرنے کا الزام لگایا تھا۔ حکومت کی جانب سے شہزادہ حمزہ کو گرفتار کرنے کی بھی تردید کی گئی تھی۔ کریک ڈاؤن شہزادہ حمزہ کی جانب سے قبائل سے ملاقات کے بعد شروع کیا گیا، سابق وزیر مالیات بھی گرفتار افراد میں شامل ہیں۔ اردن میں حکومت کا تختہ الٹنے کی مبینہ ناکام کوشش کے بعد امریکا نے اردنی فرمانروا شاہ عبداللہ کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہیکہ اردن کے شاہ عبداللہ امریکا کے ایک اہم پارٹنر ہیں۔ امریکا ان کی

بقیہ 28 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

قلعہ عبداللہ، جمعیت علما اسلام کے مرکزی رہنما پی ڈی ایم کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات مولانا حافظ حمد اللہ، مولوی شرف الدین، حافظ عبدالقدیم، مولوی فتح محمد، مولوی فضل اللہ اور دیگر مقررین مدرسہ القبا الاسلامیہ میں دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ
امروز
کوئٹہ

ایڈیٹر و پبلشر عبدالحکیم نے قلات پرنٹنگ پریس پشتل روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ امروز آفس نمبر TF-02 تیسری منزل انجکل پلازہ، ایجنگل روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا
فون: 2835212 فیکس: 2835212
ای میل imroz.ad@gmail.com

بلوچستان میں رمضان المبارک کے حوالے سے پیکج وانتظامات

چیف سیکرٹری بلوچستان مظہر نیاز رانا کی زیر صدارت اجلاس میں صوبے میں رمضان پیکج، پرائس کنٹرول، اور کورونا کی روک تھام سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا گیا، چیف سیکرٹری نے کہا کہ وہ رمضان بابرکت مہینہ ہے ہمیں بحیثیت مسلمان اس چند کا خاص احترام کرنا ہوگا کا ندار منافع خوری سے گریز کریں۔ صوبے 50 ہزار مستحق خاندانوں کو 15 دن کی اشیاء ضروریہ فراہم کی جائیں گی۔ منافع خوروں کو عام لوگوں کے استحصال سے روکنے کے لئے پرائس کنٹرول کمیٹیاں بنانے کے لئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ اشیاء خورد ونوش کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ عام لوگوں کو معیاری کھانے پینے کی اشیاء یوٹیلٹی سٹورز پر اشیاء کی دستیابی، پاکستان سے افغانستان اور ایران تک خورد ونوش کی اشیاء کی نقل وحرکت پر قابو پانے کے لئے مقامی انتظامیہ کے کردار اضلاع کی سطح پر سستے بازاروں کے انعقاد سمیت دیگر امور پر سخت ہدایات جاری کیں۔ تمام ڈویژنل کمشنرز زائد قیمتیں وصول کرنے پر دکانداروں اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائیں جبکہ ڈپٹی کمشنرز گندم اور آٹا کے باہر جانے پر کڑی نظر رکھیں۔

سماج دشمن عناصر نے ماہ رمضان کے استقبال کی تیاریاں کرتے ہوئے اشیاء ضروریہ کی مصنوعی قلت پیدا کر کے قیمتیں بڑھانے کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔ آٹا کی قیمت میں فی تھیلہ 50 روپے گوشت 100 روپے فی کلو، دودھ دہی دس روپے، مرغی 100 روپے فی کلو تک کا اضافہ کیا گیا ہے۔ سبزیوں، دالوں سمیت دیگر کئی اشیاء کی قیمتیں بھی بڑھا دی گئی ہیں۔ وفاقی حکومت نے یوٹیلٹی سٹورز پر 7,8 ارب روپے کا پیکج دیا ہے، پیکج کا اطلاق 10 اپریل سے ہوگا۔ بلوچستان میں یوٹیلٹی اسٹورز کی تعداد انتہائی کم ہے۔ اس لئے لوگوں کو زیادہ فائدہ نہ ہوگا۔ یوٹیلٹی اسٹورز پر سستی اشیاء کی فراہمی کا تجربہ ناکام رہا ہے۔ اسٹورز کا عملہ وہ اشیاء، جن کی قیمتیں مارکیٹ کی نسبت نمایاں کم رکھی جاتی ہیں، غائب کر دیتا ہے۔ اسی طرح سٹورز پر غیر معیاری اور کم وزن اشیاء کی فراہمی کی شکایات بھی عام ہیں۔ سستے بازاروں کے سلسلے میں ہم یہ کہنا چاہتے ہیں کہ ماضی میں صرف رسمی کارروائی کے لئے بازاروں کا انعقاد کیا جاتا رہا۔ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے ضروری ہے کہ رمضان بازاروں میں تمام اشیاء کے اسٹالز لگائے جائیں۔ صوبائی محکمہ خوراک نے سرکاری آٹا کی فراہمی کا جو سلسلہ شروع کیا تھا، وہ بھی بند کر دیا گیا ہے۔ کم سے کم ماہ رمضان میں لوگوں کو معیاری آٹا کی سستے داموں فراہمی یقینی بنانے کی ضرورت ہے۔ صوبے کے 50 ہزار مستحق خاندانوں میں اشیاء ضروریہ کی فراہمی کا فیصلہ قابل تحسین ہے۔ اس فیصلے کی اسی صورت میں افادیت ممکن ہے، جب اشیاء کی تقسیم کا موثر نظام اپنایا جائے۔ اس وقت سب سے زیادہ متاثر بزرگ پنشنرز ہو رہے ہیں۔ قلیل پنشن کی رقم میں ان کا گزارا نہیں ہو رہا۔ بہتر ہوگا کہ یہ اشیاء پنشن کارڈز کے حامل افراد، بیواؤں اور معذور افراد میں تقسیم کی جائیں۔ ہمارے معاشرے میں یہ روایت اب عام ہو چکی ہے کہ مستحقین کے لئے آنے والی اشیاء اور رقوم کو بھی ہڑپ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ ایسے ظالم لوگ موجود ہیں حقداروں کی حق تلفی کرتے ہیں۔

ماہ صیام میں روزہ داروں کو ضروری اشیاء خاص طور پر کھانے پینے کی چیزیں وافر اور مناسب قیمتوں پر فراہم کرنے کے لئے تمام تر دستیاب وسائل کو بروئے کار لانا ہوگا۔

وتا پوفقیر، امر جلیل اور خدا

وسعت اللہ خان

میں نے نصف صدی سے بھی اوپر جس ماحول میں ہوش سنبھالا اس میں ہر بچہ ابا کو آپ اور اماں کو بھی آپ، کبھی جمع اور زیادہ ڈانٹنے پر "تو" کہہ کر پکارتا تھا۔ ابا کے سامنے زبان کھولنے سے پہلے ہر بچے کو موزوں الفاظ اور پروٹوکولی جملوں کے بارے میں دس بار سوچنا پڑتا تھا۔

جبکہ اماں سے بن داس کہا جا سکتا تھا کب کھانا دو گی، انڈا کیوں ڈانٹھی ہو، بہت دنوں سے تو نے گڑ کے چاول نہیں بنائے، ایک روپیہ دے ورنہ سکول نہیں جاؤں گا وغیرہ وغیرہ۔ کبھی چھیڑ پڑ جاتا تو کبھی گالی پر پٹاخ سے ماں کا بوسہ۔ آج ساٹھ کا ہونے لگا ہوں مگر اماں سے یہی لفظیاتی عقیدتی رشتہ ہے۔

بالکل یہی پروٹوکول مقدس ترین ہستیوں پر بھی لاگو تھا۔ نبی کا اکہرا نام لینا بے ادبی شمار تھا۔ انھیں اللہ کے پیغمبر، رسولِ اکرم، کالی کملی والا، رحمت العالمین کہہ کر پکارا جاتا اور آخر میں کبھی دل میں، کبھی سرگوشی میں اور کبھی بلند آواز میں صلی اللہ علیہ وسلم ضرور کہا جاتا تھا۔

اہلِ بیت اور صحابہ و صحابیات کا نام لیتے ہوئے بھی آداب و احتیاط ملحوظ رہتے تھے۔ قرآن مجید کی آیات کا ترجمہ کرتے ہوئے بھی ادب کا دامن تھامے رہنا پڑتا تھا۔

مگر جس نے یہ کائنات تشکیل دی، پیغمبر اور الہامی کتابیں اتاریں اس ہستی کا تصور کرتے ہوئے، اس کے آگے ہاتھ پھیلاتے ہوئے، شکوہ کرتے ہوئے وہی پروٹوکول مستعمل تھا جو ماں کے لیے ہے۔

اللہ، اللہ میاں، واللہ، اوپر والے، آپ، تم، تو۔ میرا یہ کام کب تک کرو گے، کیا تجھے بھول گیا، تو جواب کیوں نہیں دیتا۔ ٹھیک ہے آسمہ میں بھی کچھ نہیں مانگوں گا وغیرہ وغیرہ۔

ہیں۔انہوں نے کہا کہ کان کھول کر سن لیں کہ میں کہیں نہیں جارہی اس جعلی اور ووٹ چور وزیراعظم کو میں مانتی ہی نہیں، ان سے کہا کس نے ہے نام نکالنے کو؟ اگر یہ مجھے زبردستی باہر بھجوانے کے لئے ڈرامہ رچانا چاہ رہے ہیں تو ایک بار پھر کان کھول کر سن لیں، ناصرف یہ کہ میں کہیں نہیں جارہی بلکہ اس جعلی اور ووٹ چور وزیراعظم کے خلاف اور اپنی اور اپنی اجازت اپنے پاس ہی رکھیں بلکہ محفوظ رکھیں کیونکہ بہت جلد آپ کو خود اس کی ضرورت پڑنے والی ہے اور آپ کے تو جرائم بھی اصل ہیں۔انہوں نے کہا کہ ریاست مدینہ کے دعویداروں کو شاید یہ بھول گیا ہے اگر اصل میں ریاست مدینہ ہوتی تو تم اپنے عبرتناک انجام کو پہنچ چکے ہوتے، آٹا چوری، چینی چوری، گیس چوری، ووٹ چوری عوام پر مہنگائی کے طوفان کو اپنی نا اہلی اور نالائقی کو تم جہاد کہتے ہو، صبح اٹھ کر تم جہاد پر نہیں جاتے، تم عوام کے حق پر ڈاکہ ڈالنے کے لئے جاتے ہو، تم غریب کے منہ سے روٹی اور بیمار سے دوائی چھیننے جاتے ہو، تم لوگوں کی بجلی اور گیس کے بلوں سے کمر توڑنے کے لئے جاتے ہو، تم مظلوموں پر ظلم کرنے جاتے ہو، تم لوگوں کو دن دھاڑے اغوا کرانے جاتے ہو اور اسے تم جہاد کہتے ہو، تم پر بائیس کروڑ لوگوں کو جیتے جی مار دینے اور اس کو جہاد کا نام دینے پر فتوی لگنا چاہیے، ذرا باہر نکلو اپنے بنی گالہ کے دو سو کنال کے محل سے اور دیکھو لوگ تمہیں کیسے جھولیاں اٹھا اٹھا کر بددعائیں دے رہے ہیں۔

بقیہ 3

رکھ دیا لاکھوں افراد جن کا روزگار زراعت سے وابستہ تھا بے روزگار ہو کر حصول رزق کیلئے کوئٹہ و دیگر شہروں کا رخ کرنے پر مجبور کر دیئے گئے ہیں جس سے شہروں پر آبادی کے بڑھتے ہوئے اضافی بوجھ نے پہلے سے موجود مسائل میں نا قابل یقین تک حد اضافہ کر دیا آبادی کے اس اضافی بوجھ نے بجلی گیس پانی و دیگر بنیادی مسائل میں بھی اضافہ کر دیا کروڑوں میں بکنے والے باغات اب کوئی لاکھوں میں خریدنے کو تیار نہیں لوڈ شیڈنگ اور پانی کی کمی کی وجہ سے پیداوار کا گراف دن بدن نیچے جارہا ہے زمینداروں کے اس معاشی استحصال میں سلطنت عمرانیہ برابر کی شریک ہے جاری منفی طرز سیاست سے ایسا کوئی طبقہ نہیں جو بری طرح متاثر نہ ہوا ہو ریاست مدینہ ہوتی تو تم اپنے عبرتناک انجام کو پہنچ چکے ہوتے، آٹا چوری، چینی چوری، گیس چوری، ووٹ چوری عوام پر مہنگائی کے طوفان کو اپنی نا اہلی اور نالائقی کو تم جہاد کہتے ہو، صبح اٹھ کر تم جہاد پر نہیں جاتے، تم عوام کے حق پر ڈاکہ ڈالنے کے لئے جاتے ہو، تم غریب کے منہ سے روٹی اور بیمار سے دوائی چھیننے جاتے ہو، تم لوگوں کی بجلی اور گیس کے بلوں سے کمر توڑنے کے لئے جاتے ہو، تم مظلوموں پر ظلم کرنے جاتے ہو، تم لوگوں کو دن دھاڑے اغوا کرانے جاتے ہو اور اسے تم جہاد کہتے ہو، تم پر بائیس کروڑ لوگوں کو جیتے جی مار دینے اور اس کو جہاد کا نام دینے پر فتوی لگنا چاہیے، ذرا باہر نکلو اپنے بنی گالہ کے دو سو کنال کے محل سے اور دیکھو لوگ تمہیں کیسے جھولیاں اٹھا اٹھا کر بددعائیں دے رہے ہیں۔

بقیہ 4

کے سلیکٹڈ خود ہی بھاگ جاتے، پیپلز پارٹی جماعت اتحادیوں سے مل کر یا اکیلے ہی اپوزیشن کیلئے تیار ہے، ہم کٹھ پتلی حکومت کو گھر بھیج کر دم لیں گے، اقتدار میں آنے سے قبل ایک کروڑ نوکریوں اور 50 لاکھ گھر کا وعدہ کرنے والے عمران خان نے تین سال میں عوام کو تاریخی بیروزگاری میں دھکیل دیا ہے اور عمران خان کی حکومت کے پہلے جن کے پاس روزگار تھا، آج ان کے پاس روزگار نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ آج کل کی سلیکٹڈ حکومت ہو یا ماضی کی دوسری حکومتیں ہوں، جب بھی حکومت میں آئیں تو پاکستان کے عوام کو بے روزگاری بھگتنی پڑی ہے، آج ہم ناصرف تاریخی بیروزگاری بلکہ تاریخی مہنگائی بھی بھگت رہے ہیں، اس قسم کی مہنگائی کسی نے کبھی نہیں دیکھی۔انہوں نے کہا کہ جب ہم جنگ لڑ رہے تھے تو اس وقت بھی ہماری معاشی صورتحال کا یہ حال نہیں تھا، جب آدھا پاکستان ہم سے کاٹا گیا تھا تب بھی ہماری معاشی صورتحال ایسی نہیں تھی، اب خان صاحب کی کٹھ پتلی حکومت کے صرف تین سال کے اندر پاکستان کی معاشی شرح نمو پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار منفی 0.4 پر پہنچ گئی ہے، آزادی سے لے کر آج تک پاکستان کی تاریخ میں ایسا کبھی نہیں ہوا تھا۔چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ خان صاحب کے دور میں ہماری معاشی ترقی بنگلہ دیش اور افغانستان سے بھی کم ہے اور ہماری مہنگائی کی شرح وہ افغانستان اور بنگلہ دیش سے بھی زیادہ ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم نے آئینی اور قانونی طور پر تمام صوبوں کو ان کا حق اور ان کے وسائل کا مالک بنایا، این ایف سی ایوارڈ کے مطابق انہیں جو حصہ ملنا چاہیے وہ دلوایا تھا لیکن ہمارے بعد نہ ایف سی ایوارڈ پر صوبوں کو ان کا حق دیا، نہ 18 ویں ترمیم کے مطابق ان کے حق دلائے اور پھر صوبوں سے پوچھتے ہیں کہ آپ کے ہاں اتنی پسماندگی، غربت اور ترقی اتنی کم کیوں ہے، وہ اس لیے کہ وہ صوبے کو ان کا حق نہیں دیتے اور پھر ان کو طعنہ دیتے ہیں آپ اتنے غریب کیوں ہیں۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ہمیں خود جدوجہد کرنی پوگی اور جیسے ذوالفقار علی بھٹو نے جمہوریت کا حق چھینا اور پاکستان کے غریب عوام کے غریبوں کا حق چھینا ویسے ہی آج پیپلز پارٹی کے جیالوں کو اپنا جمہوری اور معاشی حق چھیننا پڑے گا۔انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کرنے کے دو طریقے ہیں، ایک وہ جمہوری طریقہ کار جو شہید بے نظیر بھٹو اور پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ سے اپنائی رہی ہے جو ایک کامیاب ماڈل ہے اور دوسرا ماڈل نو ستارے والا ماڈل اور پی این اے والا ہے، وہی ماڈل تھا جو عمران نے اپنایا تھا اور وہی ماڈل ہے جو دوسروں نے ماضی میں اپنائے ہیں۔چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ اس ماڈل کا خطرہ یہ ہے کہ آپ ناصرف اپنے عوام کو حقوق نہیں دلواپاتے، جمہوریت لانے میں کامیاب نہیں ہو پاتے بلکہ آپ ایسے بحران پیدا کرتے ہیں کہ جس سے آمریت قائم ہوتی ہے اور جس سے کسی تیسری یا غیر جمہوری قوت کو موقع ملتا ہے جیسے نو ستارے والی تحریک کے بعد ذوالفقار علی بھٹو اور پورے ملک کے ساتھ ہوا تھا یا جو عمران کے ڈرامے والے دھرنے اور کٹھ پتلی سیاست کے بعد آپ سب بھگت رہے ہیں۔

بقیہ 5

تعریف کرتے ہیں عوام کو سبز باغ دکھاتے ہیں نہ گھبرانے کی نصیحت کر کے اگلے دو مہینے میں حالات ٹھیک کرنے کی نوید سناتے ہیں دوسری جانب مہنگائی اور بیروزگاری نے عوام کا جینا مشکل کر رکھا ہے عوام دعوے اور وعدے نہیں بلکہ نتائج چاہتے ہیں 90 دن میں حالات ٹھیک کرنے کے دعویدار سلیکٹڈ وزیراعظم پونے تین سال اقتدار میں رہ کر بھی ایسے بات کرتے ہیں جیسے وہ وزیراعظم نہیں بلکہ کنٹینر پر احتجاجی دھرنے سے خطاب کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ آج ملک میں ہر طرف مشکل صورتحال ہے معیشت تباہ ہے، جس کے نتیجے میں عوام کو ناقابل برداشت مہنگائی اور بے روزگاری کا سامنا ہے خوردنی اشیا، تیل، گیس، بجلی اور ادویات کی قیمتیں عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہیں لوگوں کو مافیاز کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے شوگر آٹا پٹرول مافیا اور ادویات مافیا کے پیروں کے نشانات ایوان اقتدار میں جا ملتے ہیں انہوں نے کہا کہ آج عالمی سطح پر پاکستان کے ساتھ کوئی ملک نہیں کھڑا دوست ممالک سے بھی اشاروں میں فون کال پر پالیسی بدلنے کے طعنے مل رہے ہیں روایتی دوست اور برادر ممالک کو ناراض کر کے دور جبکہ کشمیر کا سودا کر کے بھارت اور مودی سے نزدیکیاں بڑھائی جارہی ہیں ان حالات کے ذمہ داری سلیکٹڈ وزیراعظم اور نااہل مفاداتی گروپس کے نمائندوں پر مشتمل ان کی ٹیم ہے۔ملکی و عوامی مسائل کا حل وعدوں، دعوں اور ٹی وی پر ٹیلیفونک گفتگو سے نہیں نکلے گا بلکہ یہ تب حل ہونگے جب اقتدار سلیکٹڈ حکومت کے بجائے آزادانہ و شفاف انتخابات کے نتیجے میں برسر اقتدار آنے والی عوام کے منتخب نمائندوں پر مشتمل حکومت کو منتقل ہوگا۔

بقیہ 6

کے فکر سے شدید زخمی ہوگیا جس کا مستونگ اور کوئٹہ میں علاج کیا گیا تاہم دماغ میں چوٹ لگنے سے دماغی توازن برقرار نہ ہونے کی وجہ سے بھائی نے انہیں مزید علاج کیلئے جناح نیشنل ہسپتال کراچی لے کر گئے 9 مارچ کو مریض کو ٹیمٹ کیلئے ہسپتال کے لیبارٹری لے کر گئے جہاں سے یہ شخص نکل کر گم ہوگیا تھا سال خان کے بھائی نے بتایا کہ انکا بھائی جسمانی اعضا نکالنے والے ایک گروہ کے ہاتھ چڑھ گیا تھا اور دو دن کے بعد گروہ کے چنگل سے بھاگ کر گداگروں کے ہاتھ لگا اور گداگر انہیں سے 21 دن گداگری کرواتے رہے انھوں نے کہا کہ اس دوران انھوں اپنے بھائی کے گمشدگی کی اطلاع کراچی صدر پولیس تھانہ میں دی اور سوشل میڈیا پر بھی اپنے بھائی کے گمشدگی کیلئے مہم چلایا انکا کہنا تھا کہ 2 اپریل کو انکے بھائی کو ہمارے برادری مستونگ کے ایک معزز شخص ٹھیکیدار حاجی نظام بنگلزئی نے انہیں عبداللہ شاہ غازی کے مزار پر بیک مانگتے ہوئے دیکھ کر ہمیں اطلاع کی اور ہمارے بھائی کو گھر پہنچانے میں مدد کی انھوں نے کہا کہ ہمارے بھائی کے تلاش میں مدد کرنے والے تمام لوگوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

بقیہ 7

ووٹ کی چوری سے آیا ہے۔وہ بجلی بھی چوری کرے گا۔گیس بھی چوری کرے گا۔دوائیاں بھی چوری کرے گا اور آپ کا حق بھی چوری کرے گا۔عمران خان کی حکومت کو گھر بھیجنے کا وقت آ گیا ہے۔فیصل واڈا عمران خان کی اے ٹی ایم مشین ہے۔فیصل واڈا نے حلقہ میں کوئی کام نہیں کرایا۔این اے 249 کے مکینوں سے درخواست ہے کہ وہ ضمنی انتخاب میں شیر کو ووٹ دیں۔میں کامیاب ہو کر حلقہ کے مسائل کے حل کے لیے پوری کوشش کروں گا۔

بقیہ 8

آپریشن سینٹر کوئٹہ کے مطابق کوئٹہ سمیت بلوچستان کے تمام 33 اضلاع میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم آج شروع کی جانی تھی تاہم بلوچستان ایمپلائز اینڈ ورکرز گرینڈ الائنس کے احتجاجی دھرنے کے باعث مہم کو ملتوی کر دیا گیا ہے اب مہم بدھ 7 اپریل سے شروع کی جائیگی، حکام کے مطابق اس سے قبل بھی 29 مارچ کو شروع ہونے والی مہم کو ملتوی کر کے 5 اپریل کو شروع کیا جانا تھا تاہم ملازمین کے احتجاج پر ہونے کے باعث مہم تاخیر کا شکار ہے

بقیہ 9

خصوصی عبادات کا اہتمام کیا گیا گرجا گھروں میں خصوصی دعائیہ تقاریب میں بچوں اور خواتین سمیت دیگر مسیحی افراد شریک ہوئے ایسٹر کی دعائیہ تقاریب میں ملک وقوم کی خوشحالی اور امن وسلامتی کی خصوصی دعائیں مانگی گئیں ایسٹر کے موقع پر گرجا گھروں کیا ندر اور باہر سکیورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے تھے

بقیہ 10

پولیس کے مطابق اتوار کو لورالائی میں پولیس لائن میں تعینات سپاہی گل محمد نے پولیس لائن کے رہائشی پولیس ملازم کی دس سالا بچی م ب ی جو کہ گھر سے سودا سلف لینے کیلئے جارہی تھی کو راستے میں روک اپنے گھر لے گیا اور اسکے ساتھ نازیبا حرکات کیں اور بچی کو دھمکی دی کہ وہ اس متعلق کسی سے ذکر نہ کرے بعدازاں بچی نے گھر میں والدین کو گل محمد کی جانب سے اس کے ساتھ کی جانے والی نازیبا حرکات سے متعلق بتایا جس پر بچی کے والد کی مدعیت میں ملزم کے خلاف ایف آئی آر درج کر لی گئی اور ملزم کو گرفتار کر کے تفتیش شروع کر دگئی ہے

بقیہ 11

طرف جا چکی ہوتی، حکومت حالات کی تبدیلی کی بجائے صرف سرکاری افسروں اور وزراء کی تبدیلی کو کارنامہ سمجھتے ہے، جتنی بار وزیراعظم نے نوٹس لیا اتنی دفعہ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ،وزیراعظم نے کشمیریوں کا مقدمہ لڑنے کی بجائے پسپائی اختیار کی اور کشمیر پلیٹ میں رکھ کر انڈیا کے حوالے کر دیا، آج بھی مظلوم کشمیری پاکستان کی طرف دیکھ رہے ہیں، جماعت اسلامی لوگوں کے دلوں پر دستک دے کر زندگیوں میں حقیقی انقلاب کے ذریعے تبدیلی لانا چاہتی ہے۔آئیے آج ہم اللہ سے وعدہ کریں کہ اس کے علاوہ کسی کی بندگی نہیں کریں گے اور اس بات پر کامل یقین ہونا چاہیے کہ صرف اللہ ہی رازق، عزت دینے والا اور زندگی دینے والا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع راجن پور کے دورہ کے دوران فاضل پور میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو اور کوٹ مٹھن شریف قصر فرید میں استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر امیر جماعت اسلامی جنوبی پنجاب راؤ ظفر اقبال ،امیر ضلع راجن پور ڈاکٹر عرفان اللہ ملک، خواجہ معین الدین محبوب کوریجہ اور دیگر بھی موجود تھے ۔سراج الحق نے کہا کہ کلمہ طیبہ انسان کو مزاجی خداؤں سے بے نیاز کرتا ہے۔اگر فردا کیلا ہو تو لشکر بنتے ہیں ،کمزور ہو تو طاقتور بن جاتا ہے۔ہم دنیا میں موجود استعمار کے بت کی غلامی نہیں کریں گے بلکہ اللہ کی غلامی کرتے ہوئے اپنے قائد ورہبر حضرت محمد ﷺ کی سنت کی پیروی اختیار کریں گے۔انہوں نے کہا کہ اللہ اور رسولؐ کے احکامات جہاں جہاں واضح ہو جائیں وہاں پھر کوئی عقل، پارلیمنٹ، نظام، فرد، پارٹی یا کوئی اور کسوٹی باقی نہیں رہتی ۔انہوں نے کہا کہ آئیں اللہ کی بندگی کریں اسی میں آزادی کا حقیقی پیغام ہے۔سٹیٹ بینک آرڈی نینس میں ترمیم کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے سراج الحق نے کہا کہ ملک کا سب سے اہم ادارہ سٹیٹ بینک اس آرڈی نینس پر عملدرآمد کے بعد پاکستان کا نہیں بلکہ آئی ایم ایف کا ذیلی ادارہ ہوگا اور اس کی ہدایات اور احکامات کا پابند بن جائے گا، پاکستانی عوام سے پیسہ نچوڑ کر آئی ایم ایف کے مطالبات پورے کرنا اس کی ذمہ داری ہوگی۔ہم اس آرڈی نینس کو مسترد کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ فوری طور پر اس کو واپس لیا جائے ۔سراج الحق نے صحافیوں کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ملک میں مہنگائی، بے روزگاری کے طوفان میں سفید پوشی کو قائم رکھنا مشکل ہوگیا ہے۔وزیراعظم اپنے وعدوں پر عمل کرتے تو عوام اپنی پریشانیوں کی وجہ سے خود کشیاں کرنے پر مجبور نہ ہوتے۔پاکستان دنیا کا 2.7 فیصد سونار کھنے والا ملک ہے جبکہ دال پیدا کرنے میں تیسرے، گندم میں پانچویں، گنا پیدا کرنے میں آٹھویں نمبر پر ہے اس کے باوجود مختلف اجناس بھارت سے درآمد کرنے کی بات کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ خواجہ غلام فرید اور جماعت اسلامی کا مشن اور فکر ایک ہی ہے کہ سب کو آپس میں جوڑنے کی کوشش کرنا اور لوگوں کو یہ بتانا کہ اللہ تعالیٰ کی حاکمیت صرف مسجد میں ہی نہیں بلکہ اپنی مکمل زندگی میں ماننے کی ضرورت ہے۔امیر جماعت نے خواجہ معین الدین محبوب کوریجہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ خواجہ صاحب اپنے حلقہ اثر میں دعوت دین اور اصلاح انسانیت کا مشن سنبھالے ہوئے ہیں۔انشاء اللہ ان کی کوششیں جلد بارآور ثابت ہوں گی۔

بقیہ 12

اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت فوری طور پر سرکاری ملازمین کے جائز مطالبات حل اور تنخواہوں میں 25 فیصد اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کرے۔یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سردارزادہ محمد عمیر محمد حسنی نے کہا کہ مہنگائی میں بے تحاشہ اضافے نے غریب اور سرکاری ملازمین کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کے احتجاج کے بعد تنخواہوں میں 25 فیصد اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کیا جس پر سندھ، پنجاب، خیبر پختونخوا نے فوری عملدرآمد کیا لیکن بلوچستان حکومت کی جانب سے ملازمین کی تنخواہوں میں تا حال 25 فیصد اضافے کا نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا گیا جس پر ملازمین نے مجبور ہو کر ہائی چوک پر دھرنا دے رکھا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ صوبائی حکومت موجودہ مہنگائی کو دیکھتے ہوئے فوری طور پر ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کرتی تا کہ ملازمین کو احتجاج کرنے کی ضرورت نہ پڑتی لیکن حکومت ملازمین کی تنخواہوں میں ٹال مٹول سے کام لے رہی ہے۔سردارزادہ عمیر محمد حسنی نے بلوچستان ایمپلائز اینڈ ورکرز گرینڈ الائنس کے احتجاجی دھرنے کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

بقیہ 13

ایسٹر کے اس پر مسرت موقع پر مسیح برادری کے ساتھ ہے۔مذہبی تہوار کوئی بھی ہو کوئی بھی ہو وہ خوشیوں کا سبب بلکہ خوشیوں کو ساتھ منانے کا درس لیکر آتا ہے۔جو بیکچتی پیار و محبت کی زریں اصولوں کو شدت سے اجاگر کرتا ہے۔نیشنل پارٹی ایسٹر کے تہوار کے موقع پر پارٹی کے شہید رہنماء ہینڈری مسیح بلوچ کی قومی جدوجہد کو نہ صرف مسیح برادری بلکہ بلوچستان کے عوام کے لیے مشعل راہ ہے۔نیشنل پارٹی شہید رہنماء کی جدوجہد کو فراموش کرنے کا تصور بھی نہیں کرسکتا۔بیان میں کہا گیا کہ مسیح برادری کا ملک اور بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں نمایاں خدمات ہے۔بدقسمتی سے ان کی خدمات کو اس انداز سے سہرایا نہیں گیا جو ان کا حق تھا۔بیان میں کہا گیا کہ مذہبی تہوار میں عقائد و تعلیمات کی روشنی میں خصوصی عبادت و دعائیہ تقاریب منعقد ہوتی ہے نیشنل پارٹی ایسٹر کے خوبصورت تہوار پر مسیح برادری سے اپیل کرتی ہے کہ اپنی عبادت میں بلوچستان کے تحفظ و استحکام اور عوام کی خوشحالی کیلئے دعا کریں۔

بقیہ 14

لیس کے مطابق کوئٹہ کے علاقے نواحی علاقے کچلاک میں لڑائی جھگڑے کے دوران فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کاروائی جا ری ہے۔

بقیہ 15

اجلاس میں ملک میں کووڈ 19 کی صورت حال کا جائزہ لیا گیا اور اس کی روک تھام کے حوالے سے اہم فیصلے سامنے آئے۔این سی او سی کے مطابق بین الصوبائی ٹرانسپورٹ ہفتے میں دو روز، ہفتہ اور اتوار، بند رکھنے کا فیصلہ کر لیا گیا اس حوالے سے این سی او سی کے جاری بیان میں مزید کہا گیا کہ مذکورہ فیصلے کا اطلاق 10 اپریل سے 25 اپریل تک ہوگا اور اس فیصلے کا اطلاق مال بردار، ادویات اور دوسری ایمرجنسی سروسز کی ترسیل پر نہیں ہوگا۔علاوہ ازیں بتایا گیا کہ ٹرینیں 70 فیصد مسافروں کے ساتھ فعال رہیں گی۔واضح رہے کہ 31 مارچ کو وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے ویڈیو لنک کے ذریعے وزیراعظم کی سربراہی میں ہونے قومی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کی تھی جس میں انہوں نے کہا تھا کہ کووڈ 19 کے حساب سے ہم اسی جگہ کھڑے ہیں جہاں گزشتہ برس تھے جبکہ گزشتہ برس بین الصوبائی ٹرانسپورٹ پر پابندی تھی جس کی وجہ سے کسی حد تک وائرس کنٹرول ہوگیا۔وزیراعلیٰ نے تجویز دی کہ ٹرانسپورٹ 2 ہفتوں کے لیے بند کی جائے جس سے لوگوں کی نقل وحمل رکے گی۔2 روز قبل ہی کورونا ٹاسک فورس اجلاس کے بعد وزیر اطلاعات سندھ ناصر حسین شاہ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے حکومتِ سندھ کے ترجمان مرتضیٰ وہاب نے کہا تھا کہ کورونا کی تیسری لہر کے خطرات پورے ملک میں دیکھے جارہے ہیں بالخصوص پنجاب، خیبر پختونخوا، اسلام آباد اور آزاد کشمیر میں کورونا مثبت آنے کی شرح تشویشناک ہے، جنوبی پاکستان میں اب تک کورونا وائرس شمالی پاکستان کی طرح نہیں پھیلا ہے اس لیے وفاقی حکومت سے گزارش کی ہے کہ بین الصوبائی ٹرانسپورٹ بند کی جائے۔

بقیہ 16

ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ ملازمین اپنے حقوق کے لئے سڑکوں پر بیٹھے ہیں انکا یہ احتجاج ضرور رنگ لائیگا انہوں نے کہا کہ حکومت نے صوبے کو جام کر رکھا ہے تین سال سے بلوچستان کی ترقی رکی ہوئی ہے آج تک عوام، ملازمین کے ساتھ کوئی بھلائی نہیں کی گئی حکومت نے آنے قبل بڑے بڑے دعوے کئے گئے اور عوام کو بے وقوف بنایا گیا لیکن انہیں عوام کی عزت نہیں ملی حکومت کا جلد ہی خاتمہ ہوگا انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے تھا کہ وہ ملازمین کے تمام مطالبات احتجاج سے قبل تسلیم کرتی اور بے روزگاروں کو روزگار فراہم کرتی لیکن صوبائی اور مرکزی حکومتوں نے ایک کروڑ نوکریاں دینے کی بجائے ملازمین کو نکالا جارہا ہے سی اینڈ ڈبلیو کے 361 ملازمین نکال دیئے گئے حکومت عوام کے فنڈز عوام پر خرچ کرنے کی بجائے اپنی جیبوں میں ڈال رہی ہے اپوزیشن کے حلقوں کو یکسر نظر انداز کیا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ ملازمین کے مطالبات تسلیم نہ ہوئے تو یہ حکومت کے خاتمے کا سبب ہوگا جمعیت علماء اسلام شانہ بشانہ کھڑی اور آج ہونے والی پہیہ جام ہڑتال کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہیں

بقیہ 17

میں شرکت کر کے اظہار یکجہتی کیا ۔دوسری جانب حکومت کی جانب سے مظاہرین سے مذاکرات کے لئے پارلیمانی کمیٹی بھی تشکیل دے دی گئی ہے تاہم اتوار کی رات تک کسی بھی قسم کی فیصلہ کن پیش رفت نہ ہوسکی جبکہ بلوچستان ایمپلائز اینڈ ورکرز گرینڈ الائنس نے آج صوبے بھر کی قومی شاہراہوں کو صبح 9 سے شام 5 بجے تک بلاک کرنے کا بھی اعلان کر رکھا ہے۔

بقیہ 18

ساقارئی ساکنان ماشکیل موقع پر بری طرح جھلس کر جاں بحق ہوگئے جبکہ ٹرالر ڈرائیور بری طرح جھلس کر شدید زخمی ہوگئے جنھیں دالبندین میں طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا گیا ہے دونوں گاڑیوں میں لگنے والی آگ کے بلند شعلوں کی وجہ سے کوئٹہ تفتان سڑک پر کئی گھنٹوں تک ٹریفک معطل رہی رہی تاہم تحصیلدار دالبندین اکبر علی مزارزئی کے مطابق ٹریفک حادثے میں تین افراد جھلس کر جاں بحق جبکہ ایک شخص شدید زخمی ہوا ہے واقع کی اطلاع ملتے ہی لیویز فورس کی نفری بمعہ فائر بریگیڈ ٹیم کی جائے وقوعہ بھیج دی گئی ہے۔مذید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 19

تھا وہ وقت اور حالات کے تناظر میں مختلف شکلوں میں استحصال قوتوں کے لیے ایک چیلنج بن گیا بھٹو ایک شخص کا نام نہیں بلکہ ایک فلسفے کا نام ہے آج بھی بھٹو سے محبت کرنے والے ہر گلی کوچے میں موجود ہیں اور قیامت تک پاکستان پیپلز پارٹی اور شہید بھٹو کا نام زندہ رہے گا۔یہ بات پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر حاجی علی مدد جتک، جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ، نائب صدر میر اکبر بنگلزئی، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات میر ریاض شاہوانی، ضلع کوئٹہ کے صدر میر ولی محمد قلندرانی، جنرل سیکرٹری ملک ولی محمد وردگ نے پاکستان پیپلز پارٹی ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کی 42 ویں برسی کے موقع پر جتک ہاوس کوئٹہ میں منعقدہ عائیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ دعائیہ تقریب میں پیپلز سٹوڈنٹس فیڈریشن بلوچستان کے صدر اشفاق بلوچ، پیپلز لیبر بیورو کے صدر شاہجہان گجر، ڈاکٹر فورم کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر عبدالغنی بنگلزئی و دیگر عہدیداروں، سینئر رہنماؤں و کارکنان نے بھی شرکت کی۔انہوں نے شہید ذوالفقار علی بھٹو کی سیاسی خدمات کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے قائدین نے پاکستان کے عوام کے جمہوری حقوق عوام کی حاکمیت انسانی حقوق اور مساوات کردہ آمریت اور مظالم کے خلاف اپنی جانوں کا نظرانہ پیش کر کے پوری دنیا میں جمہوری جدوجہد کی نئی مثال قائم کی کبھی مادر جمہوریت تو کبھی شہید جمہوریت اور کبھی بھٹو کے قافلے میں شامل ایک ادنی کارکن ان قوتوں کے خلاف برسر پیکار رہا جو بھٹو کی فکری سوچ کو ہی استحصال قوتوں سے نجات کا واحد ذریعہ سمجھتا تھا۔انہوں نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو عوام کے ہر دلعزیز رہنماء تھے وہ کسی کے سامنے جھکے نہ بکے ذولفقار علی بھٹو نے قربانی دے کر ملک کے کروڑوں عوام کی لاج رکھی اور اب بھی پاکستان کے عوام کو ان کے نواسے بلاول بھٹو زرداری سے بہت سی توقعات وابستہ ہیں انشاء اللہ بلاول بھٹو زرداری حکومت میں آ کر ملک وقوم کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کریں گے تاریخ گواہ ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہید ذوالفقار علی بھٹو سے لیکر آج تک جب بھی اقتدار میں آئی چھوٹے صوبوں کے احساس محرومی کو ختم کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کئے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ سلیکٹڈ اور نااہل حکمرانوں نے ملک کو تباہی کے دہانے پر پہنچادیا ہے مہنگائی اور بے روزگاری کے ہاتھوں عوام اپنے بچوں سمیت خود کشیاں کرنے پر مجبور ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہی ملک کو موجودہ بحرانوں سے باہر نکال سکتی ہے انشاء اللہ جلد نااہل حکمرانوں کو گھر بھیج کر دم لیں گے۔برسی کی تقریب میں قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کی روح کے ایصال ثواب کے لئے خصوصی دعا اور غریبوں میں لنگر بھی تقسیم کیا گیا

بقیہ 20

مسائل، بلوچستان کے تقسیم کی سازش و دیگر کے خلاف بلوچستان اسمبلی کا ریکوزٹ اجلاس بلائیں گے۔گزشتہ روز اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے بلوچستان اسمبلی کا ریکوزٹ اجلاس بلائیں گے جس میں ملازمین کا احتجاج اور 25% مطالبہ، بلوچستان کو جنوبی و شمالی زونوں میں تقسیم کرنے کی سازش، اپوزیشن ممبران کے علاقوں کے اسکیمات پر کام روکنا اور صوبہ میں بجلی و تیل کا بحران -سرحدات کی بندش وغیرہ پر بحث کرائی جائیگی۔انہوں نے برشور کے نوجوانوں کے تمام بنیادی مطالبات کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ عوام کے مسائل کے حل کیلئے سنجیدگی کا مظاہرہ کرے اور بلوچستان کو مسالمکستان نہ بنائے۔

بقیہ 21

ہیں شہر کو گیس کی عدم فراہمی کی وجہ سے لورالائی کے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں گیس نکلنے کے باوجود لورالائی جو صوبے کا دوسرا بڑا شہر ہے تا حال سوئی گیس کی سہولت سے محروم چلا آرہا ہے سابق وفاقی وزیر نے گیس پلانٹ کا اعلان بھی کیا مگر وہ وعدہ بھی صرف اخباری بیانات تک ہی رہا لورالائی شہر میں بڑے جنگلات سوئی گیس نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کی درختوں کا کاٹنے کی وجہ سے ختم ہو رہے ہیں اور حکومت خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہی ہے عوام شدید پریشانی ہے ایک طرف دن بدن بڑھتی ہوئی مہنگائی نے ان کی کمر توڑ رکھی ہے دوسری جانب لکڑی کی قیمتوں بھی منہ مانگا اضافہ کر دیا گیا ہے جس کی وجہ سے لکڑی بھی عوام کی قوت خرید سے باہر ہوتی جارہی ہے صوبہ بلوچستان سے نکلیں والی گیس سے ہی صوبے کے عوام کو محروم رکھا جانا بہت بڑی ناانصافی اور ظلم کے مترادف ہے جبکہ ملک کے کونے کونے میں بلوچستان کی گیس پنچادی گئی ہے مگر بلوچستان کے عوام کو اس سہولت سے محروم رکھا جارہا ہے جو کہ وفاقی حکومت کا عوام کے ساتھ سوتیلی ماں کا سلوک رواہ رکھے جانے کے مترادف ہے لورالائی شہر کی آبادی ایک غیر سرکاری تنظیم کے سروے کے مطابق اس وقت سات لاکھ سے زائد ہے تحصیل میتھر طو رھانہ سمیت دیگر یونین کونسل شامل ہیں لورالائی کے کچھ یونین کونسلروں کی تعداد خبیر پختونخوا سے زائد ہے سابق وفاقی حکومت نے لورالائی کو گیس فراہم کرنے کے اعلانات کیے لیکن تا حال گیس فراہم کرنے کے منصوبے کا کام شروع نہیں ہوسکا اور نہ ہی اس منصوبے کے فنڈز مختص کیے گئے ہیں لورالائی کے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے موسم سرما میں ان علاقوں میں ش

مسلح گریجویٹ ڈائننس کے جائز مطالبات تسلیم کرتے ہوئے بی ایم اے بلوچستان

ملازمین کے مطالبات میں بیشتر ایسے مطالبات ہیں جو کہ گذ گورننس، تحکمانہ بہتری اور عوام الناس کے وسیع تر مفاد میں ہیں

پی ایم اے ملازمین کیساتھ ضلعی اور صوبائی سطح پر عملی طور پر مطالبات کے حل تک احتجاجی مظاہروں، ریلیوں اور دھرنوں کا حصہ ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن بلوچستان کے ایک وفد نے صوبائی نائب صدر ڈاکٹر احمدزئی اور ڈاکٹر احسان جمالی، ڈاکٹر مظفر شاہ، ڈاکٹر سلطان لہڑی اور دیگر شامل تھے۔ ڈاکٹر احمدزئی نے کہا کہ ملازمین کے ایک کے اظہار یکجہتی کی وفد میں ڈاکٹر شہناز صرصوبائی پریس سیکریٹری پی ایم اے، ڈاکٹر احمد زمان جمالی، ڈاکٹر مظفر شاہ، ڈاکٹر سلطان لہڑی اور دیگر شامل تھے۔ ڈاکٹر احمدزئی نے کہا کہ ملازمین کے ایک

خاران، پی ڈی ایم کے مرکزی رہنما ساجی جلالی ہم خان میر شرکت بلوچ سے میر فصت اللہ بینگل ملاقات کررہے ہیں

نیشنل پارٹی پسے ہوئے اور مظلوم طبقے کی نمائندگی کرتی ہے، غنی رند

سبیلہ میں لوگ جوق در جوق نیشنل پارٹی میں شمولیت اختیار کررہے ہیں

بی (نمائندہ امروز) نیشنل پارٹی کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت ضلعی صدر عبدالحق رند منعقد ہوا جس میں تنظیم سازی کے حوالے سے مشاورت کی گئی۔ جس کے مطابق صدر محمد رمضان شاہین، سینئر نائب صدر محمد حسین خاکسیلی، جنرل سیکریٹری میر محمد سارہ، ڈپٹی جنرل سیکریٹری فیصل خاکسیلی، خازن غلام اکبر

بقیہ 7 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

چمن ٹو کراچی شاہراہ بلوچستان کے لئے گیم چینجر ثابت ہوگا، رحمت اللہ

اہل بلوچستان جام عالیانی کی تاریخی ترقیاتی کاموں سے صدیوں تک مستفید ہوتے رہیں گے

بلوچستان عوامی پارٹی اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے صوبائی صدر رحمت اللہ کاکڑ نے اپنے اخباری بیان میں کہا کہ قائد محترم وزیراعلیٰ بلوچستان کے شب و روز کی انتھک محنتوں کے نتیجہ میں چمن تا کراچی شاہراہ کی تاریخی ترقیاتی کاموں سے صدیوں تک مستفید ہوتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسافر

بقیہ 8 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

جماعت اسلامی ہی عوام کی فلاح و بہبود ترقی و خوشحالی ممکن بناسکتی ہے ہدایت الرحمٰن

جماعت اسلامی کے ترجمانی نظام وقت کی اہم ضرورت ہر ضلع تربیت گاہ منعقد کریں

کوئٹہ (آن لائن) جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی بلوچستان ہدایت الرحمان بلوچ، نائب امیر ابوذر اختر بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی ہی عوام کی فلاح و بہبود ترقی و خوشحالی ممکن بناسکتی ہے جماعت اسلامی کے ترجمانی نظام وقت کی اہم ضرورت ہر ضلع تربیت گاہ منعقد کرے گی تاکہ جماعت اسلامی سے وابستہ افراد کی دینی تعلیمات کے مطابق تربیت کا سلسلہ

بقیہ 9 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

بھٹو کے قتل کی ذمہ داری اس وقت کی حکومت پر عائد ہوتی ہے، خواجہ طہٰور

ذوالفقار علی بھٹو کے خلاف کیس میں وعدہ معاف گواہ کے پہلے اعترافی بیان میں بھٹو پر قتل کا کوئی الزام نہیں تھا

علی بھٹو کے خلاف کیس میں وعدہ معاف گواہ کے پہلے اعترافی بیان میں بھٹو پر قتل کا کوئی الزام نہیں تھا، تاہم ٹی وی سے گفتگو میں خواجہ طہٰور کا کہنا ہے کہ

بقیہ 12 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

چلتن، باشر شکاریوں کی وائلڈ لائف کے اہلکاروں پر فائرنگ کردی

تصدیق کنائنہ بلایا، برفال بلایا، پولیس نے گولیوں کے خول اور ہرن کے شکار کی باقیات بھی برآمد کرلیں

رحیم یار خان (این این آئی) چلتن میں چنکارہ ہرن کا شکار کرنے والے باشر شکاریوں نے وائلڈ لائف چوکی پر اہل کاروں کو تشدد کا نشانہ بنایا، پھر انہیں یرغمال بنا کر لے گئے اور آگے جا کر چھوڑ دیا۔ وائلڈ لائف آفیسر کے

بقیہ 13 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

ایف اے ٹی ایف کا سبولٹ کاری فارم کی صورت بھی قابل قبول ہوگا، علمائے کرام کا اعلان

معروف وکلا اور قانونی ماہرین پر مشتمل ایک مشاورتی کمیٹی بھی تشکیل دی جائیگی جو تمام قانونی پہلوؤں کا جائزہ لیگی

گھر کے تحفظ جرائم کردہ فارم سمیت مساجد و مدارس کے خلاف ہر فوجی قوتوں کی ایماء پر کھوتنی اقدامات کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

مشاورتی اجلاس میں تمام مکاتب فکر کے علمائے

بقیہ 14 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

حکمرانوں نے ملک کو آئی ایم ایف کے پاس گروی رکھ دیا ہے، وزیر خان کاکڑ

پاکستان پیپلز پارٹی موجودہ نااہل حکمرانوں سے عوام کو نجات دلانے کی جدوجہد کررہی ہے، سابق سینیٹر

انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب موجودہ نااہل اور سلیکٹڈ حکمرانوں سے نجات حاصل کریں گے، رہنماء پیپلز پارٹی

سابق سینیٹر وزیر خان کاکڑ، پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے دفتر میں شہید ذوالفقار علی بھٹو کی 42 ویں برسی کے حوالے سے دعائیہ تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب سے پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء

بقیہ 1 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ میں رمضان المبارک سے قبل ہی اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں رمضان المبارک سے قبل ہی اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوگیا، ضلعی پرائس کنٹرول کمیٹی خاموش تماشائی بن گئی، تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں ماہ رمضان المبارک سے قبل مہنگائی کی لہر پر قرار ہے

بقیہ 4 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

جماعت اسلامی نے ملازمین کے آج کے پہیہ جام ہڑتال کی حمایت کردی

کوئٹہ (این این آئی) جماعت اسلامی بلوچستان آج ملازمین کے پہیہ جام ہڑتال کی حمایت کرتی ہے، صوبائی سیکرٹری جنرل خاصخیلی نے کہا کہ ملازمین کی مطالبات جائز ہے حکومت فی الفور ملازمین کی جائز تحفظات کے مطابق کوئٹہ میں مارہ رمضان

بقیہ 5 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

ملک بھر میں مسیحی برادری نے ایسٹر کا تہوار منایا

اسلام آباد (این این آئی) دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی مسیحی برادری کے ملک میں روایتی جوش و خروش اور مذہبی جذبے کے ساتھ ایسٹر کا تہوار منایا، تفصیلات کے مطابق مسیحی برادری نے مذہبی تہوار 2 ہزار سال قبل یروشلم میں پیش آئے واقعے

بقیہ 6 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

ساڑھے 5 کنٹینر مقامات پر آگ لگنے سے دو درجن سے زائد مکانات جل کر خاکستر

ساڑھے 5 کنٹینر مقامات پر آگ لگنے سے دو درجن سے زائد مکانات جل کر خاکستر ہوگئے

نائب سینیٹر ملک نادم الدین شوکین نے متاثرین کی فوری امداد کے رقم بھی دینے کا اعلان کیا۔ ساڑھے 5 کنٹینر میں پلنے والی

بقیہ 10 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

سرکوں کی تعمیر سے ترقی و خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ہوگا، عابد سلیم

جعل کمپنی میں اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے

گندواہ (نامہ نگار) کشمر ضیرآباد عابد سلیم قریشی نے کہا ہے کہ جعل کمپنی میں اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، سرکوں کی تعمیر سے ترقی و خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ہوگا حکومتی فنڈز سے

بقیہ 2 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

سیاسی حوالے سے لیس ساتھی ہی ہمارا کل اثاثہ ہیں، ظفر بلوچ

سیاسی حوالے سے ساتھیوں اور بعد ازاں عوام کی فکری و نظریاتی تربیت ہی نیشنل پارٹی کا بنیادی پروگرام ہے

واجد بن ناصر (نامہ نگار) نیشنل پارٹی واجد بن کے نظریاتی تربیت ہی نیشنل پارٹی کا بنیادی پروگرام ہے جس کے لئے شبانہ محنت کا تمہیں اپنا فرض سمجھ کر بنانا ہوگا ان خیالات کا اظہار ظفر بلوچ نے نیشنل

بقیہ 3 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنماء مائی رئیسانی شہید نوابزادہ میر راشد رئیسانی کی 58 ویں سالگرہ پر کیک کاٹ رہے ہیں

دکی کے عوام مولانا محمد خان شیرانی کی تنقید کرتے ہیں، طاہر ناصر

دکی کے عوام نے جمعیت علماء اسلام پاکستان کے جلسے اور پاور شو کو کامیاب بنا کر اس بات کا ثبوت دیا ہے

پارٹی میں شمولیت اختیار کی ہے پارٹی کا پیغام گھر گھر تک پہنچا چکے ہیں۔ دکی کے عوام کی جانب سے جلسے میں بھرپور شرکت کرنے پر تمام عوام قبیلے دستوں

بقیہ 11 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

پشتونخوا میپ اس سرزمین اس کے عوام کی محافظ پارٹی ہے، نصر اللہ زیرے

سلیکٹڈ نااہل اور ناکام حکومت عوام دشمن اقدامات سے گریز کرے، رکن بلوچستان اسمبلی

ایک ہفتے سے صوبے کے ملازمین احتجاجی دھرنے پر بیٹھے ہیں لیکن حکومت ٹس سے مس نہیں ہورہی

صوبے کے ملازمین احتجاجی دھرنے پر بیٹھے ہیں لیکن غیر منتخب لوگوں کو ترقیاتی اسکیمات نہیں دیں گے، اپوزیشن کرپشن اور کمیشن کیلئے خطیر رقم دی جارہی ہے۔

بقیہ 15 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

چیف سیکرٹری بلوچستان مظہر نیاز رانا صوبے میں کورونا وائرس کی روک تھام کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

آئین پر عمل کرنے سے جمہوری عمل و ترقی کا پہیہ چلتا ہے، عبدالخالق ہزارہ

بلوچستان حکومت اس وقت وقت عملاً نام اور سرکاری پروٹوکول سے مستفید ہونے کی حد تک وجود رکھتی ہے

گورننس کرنا اور بلوچستان واس کے عوامی حقوق کی تحفظ اور اس کیلئے اقدامات کرنے سے خود کو بری الزمہ قرار دیا گیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے سوہیل صدر میر عبدالحق بلوچ نے جاری بیان میں کہا کہ بے بلوچستان حکومت اس وقت وقت مفلوج نام اور سرکاری پروٹوکول سے مستفید ہونے کی حد تک وجود رکھتی ہے۔ گورننس کرنا اور بلوچستان واس کے عوامی حقوق کی تحفظ اور اس کیلئے اقدامات کرنے سے خود کو بری الزمہ قرار دیا گیا ہے۔ سرکاری ملازمین کے حوالے سے حکومت کی غیر سنجیدگی اور بے حسی واضح مثال

بقیہ 17 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

ملک میں ڈسٹرکٹ الیکشن بلدیاتی الیکشن کی صورت میں ہمارے کارکنان کامل تیار ہیں، حسین مختی

آج کی حکومت نے جو وعدے کیے ان میں سے کسی بھی ایک وعدے کو پورا نہیں کیا

نثار واہلوار (این این آئی) سابق ایم این اے محمد حسین مختی نے نیشنل پریس کلب خضدار میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں ڈسٹرکٹ الیکشن بلدیاتی الیکشن کی صورت میں ہمارے کارکنان کامل تیار ہیں آج کی حکومت نے جو وعدے کیے ان میں سے کسی بھی ایک وعدے کو پورا نہیں کیا آئی ایم ایف سے نجات دلانے و ڈسٹرکٹ الیکشن کرانے کا اعلان کیا تھا

بقیہ 18 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت نے پاکستان کی معیشت کی بنیادیں ہلا دیں ہیں، احسن اقبال

اسٹیٹ بینک کے متعلق بل پاکستان کی خودمختاری کا سودا ہے جس کی ہم اجازت نہیں دینگے

احسن اقبال (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی جنرل سیکرٹری احسن اقبال نے کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک کے متعلق بل پاکستان کی خودمختاری کا سودا ہے جس کی ہم اجازت نہیں دیں گے، حکومت نااہلی اور نالائقی کی وجہ سے ملک کی معیشت کی بنیادیں ہل گئی ہیں۔ اور معیشت قرضوں کے بوجھ تلے دب چکی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نارووال میڈیا سے

بقیہ 19 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

عوام کی امیدوں پر پورا اترنے گے، وعدے نبھائیں گے

منزل کی طرف گامزن ہیں، پنجاب کے عوام کو خوشخبریاں دیں گے، عثمان بزدار

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے کہا ہے کہ عوام کی امیدوں پر پورا اترنے کے لئے دن رات کام کررہے ہیں، منزل کی طرف گامزن ہے، وعدے نبھائیں گے۔ پنجاب کے عوام کو خوشخبریاں دیں گے۔ ترقی

بقیہ 26 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں تمام مسائل کا حل حقیقی جمہوریت میں ہے، ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ

پاکستان اس وقت گھمبیر مسائل میں گھرا ہوا ہے، مہنگائی نے عوام کا جینا حرام کیا ہے

جب تک عوام کو حق حکمرانی نہیں دیا جاتا تب تک عوام اسی طرح مسائل کا شکار رہیں گے، شفاف انتخابات ہوں گے پھر عوام کو ریاست کا احساس ہوگا

ڈوب (این این آئی) پاکستان میں تمام مسائل کا حل حقیقی جمہوریت ہے، یہ ان خیالات کا اظہار خیال بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق ایم این اے ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ نے ڈوب

بقیہ 27 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی دارالحکومت کا پورا انفراسٹرکچر تباہ ہوچکا ہے، جماعت اسلامی

حکمرانوں کی لوٹ مار جاری مگر ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کی رقم نہیں، مولانا عبدالحق ہاشمی

جماعت اسلامی ملازمین کے احتجاج اور ان کے جائز حقوق کے حصول کیلئے بھرپور ستھ دیگی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ حکمرانوں کی لوٹ مار جاری مگر ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کی رقم نہیں، جماعت اسلامی ملازمین کے احتجاج کے جائز حقوق کے حصول کیلئے بھرپور ستھ دیگی وفاقی اور دیگر صوبوں کے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ ہوگیا مگر ہمارے حکمران بہانے بنا کر ٹال مٹول سے کام لے رہے ہیں جو لمحہ فکریہ ہے۔ جماعت اسلامی ملازمین کے جائز مطالبات کے حل تک احتجاجی مظاہروں، ریلیوں اور دھرنوں کا حصہ ہوگا

بقیہ 29 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

شیخ زاید اور ملحقہ علاقوں میں ہوائی فائرنگ پر پابندی عائد کی جائے، مولانا محمد صادق

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام مولوی عصمت اللہ شہید یونٹ حلقہ 51 شیخ زاید کوئٹہ یونٹ کے امیر مولانا عبداللہ آغا، مفتی عبدالرحمان جمالی، مولانا الطاف شاہ و دیگر راہنما کین عالمدنے کہا کہ شیخ زاید اور ملحقہ علاقوں میں ہوائی فائرنگ پر پابندی

بقیہ 32 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

ہیومن رائٹ پریکٹیشن سینٹر پاکستان کا کیمپجر امتحانات کی منسوخی کیلئے نوٹس

اسلام آباد (این این آئی) ہیومن رائٹ پریکٹیشن سینٹر پاکستان نے کیمپجر امتحانات کی منسوخی کے لیے نوٹس جاری کردیا۔ نوٹس میں کہا گیا کہ پاکستان میں سال کے بیشتر حصے میں تعلیمی ادارے بند رہے جس کے باعث طالب علم امتحانات کی تیاری نہیں

بقیہ 33 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

برادری کے غریب لوگوں کے مسائل بلا امتیاز حل کی جائیں گے، حاجی الور خٹکیلی

نڈو دھنان (این این آئی) خٹکیلی برادری کے سردار حاجی الور خٹکیلی نے کہا ہے کہ برادری کے غریب لوگوں کے مسائل بلا امتیاز حل کی جائیں گے اور دیہی علاقوں میں بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے لئے بھرتن جدوکشاں ہیں یہ بات انہوں نے

بقیہ 34 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

کراچی میں پانچ روز سے جاری ہیٹ ویو کا سلسلہ ختم

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں پانچ روز سے جاری ہیٹ ویو کا سلسلہ ختم ہوگیا، محکمہ موسمیات کے مطابق شہر میں ہوا کا رخ بدلنے سے زیادہ درجہ حرارت 39 ڈگری سینٹی گریڈ تک ریکارڈ کیا گیا جبکہ ہوا میں نمی کا

بقیہ 35 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

ممتاز مزدور رہنماء کا مرید الحق سلانی ملازمت سے ریٹائرڈ ہوگئے

واجد بن (نامہ نگار) ممتاز مزدور رہنماء واپڈا یونین اینڈ سول پاور ہاؤس واجد بن ڈویژن کے ساتھ 38 برس کی طویل سروس کے بعد ریٹائرڈ ہوگئے ہیں۔ گزشتہ روز واپڈا یونین ڈویژن واجد بن سب ڈویژن کی جانب سے ان کے اعزاز میں الوداعی ریفرنس کا اہتمام کیا گیا جس میں ایکسیئن کیسکو کوئٹی سید کفایت اللہ شاہ، ایس ڈی او واجد بن میر نور لاشو، واپڈا یونین ڈویژن کوئٹی ڈویژن کے چیئرمین و خادم مزدور حاجی

بقیہ 37 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

مسلے حوالے سے حکومت شرعی امور کا پابند ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

آئندہ 10 اپریل بروز ہفتہ دوبارہ اجلاس بلایا جائیگا، حکومت علماء کرام اور مفتیان عظام کی رہنمائی کے بغیر کوئی قدم نہ اٹھائے

سرکوں کی توسیع کی زد میں آنیوالی مساجد کے متعلق علماء شرعی معاملات میں حکومت کی رہنمائی کرنے میں کوتاہی نہیں کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) سرکوں کی توسیع کی زد میں آنے والی مساجد کے متعلق علماء شرعی معاملات میں حکومت کی رہنمائی کرنے کے حوالے سے کوئٹہ میں جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرحمن رفیق کی صدارت میں ایک اہم اجلاس

بقیہ 40 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کے شہید ذوالفقار علی بھٹو کے مزار پر حاضری اور فاتحہ خوانی

گڑھی خدا بخش (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اپنے نانا شہید ذوالفقار علی بھٹو کے یوم شہادت پر گڑھی خدا بخش کے بیرونی احاطے پہنچے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے شہید ذوالفقار علی بھٹو کے مزار پر حاضری دی، مزار پر فاتحہ

بقیہ 41 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

معاشی استحکام حکومت کی کاوشوں کا نتیجہ ہے، محمود مولوی

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کراچی ڈویژن کے سینئر نائب صدر اور وزارت اطلاعات و نشریات کے مشیر محمود مولوی نے کہا ہے کہ معاشی استحکام حکومت کی شب و روز کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ اپنے ایک بیان میں رہنما تحریک انصاف محمود

بقیہ 42 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

ذوالفقار علی بھٹو آج بلاول کی صورت میں زندہ ہیں، ناصر حسین شاہ

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر برائے اطلاعات ناصر حسین شاہ کا کہنا ہے کہ ذوالفقار علی بھٹو آج پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو کی صورت میں زندہ ہے۔ ناصر حسین شاہ نے ذوالفقار علی بھٹو کی برسی کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ

بقیہ 45 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

مقبوضہ جموں وکشمیر میں جاری خونریزی کا ذمہ دار بھارت ہے، سالوشن موومنٹ

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر سالوشن موومنٹ نے کہا ہے کہ تنازعہ کشمیر حل طلب ہے اور اس کا حل اہم ایجنڈا ہے، نتیجے میں مقبوضہ علاقہ گزشتہ سات دہائیوں سے زائد عرصے سے خونریزی اور غیر یقینی سیاسی صورتحال سے دوچار ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے

بقیہ 46 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

بیٹیاں بچی نہیں جاتیں، منافع کیلئے کوئی اور کام کیا جائے: ڈاکٹر فوزیہ صدیقی

عافیہ کی قید کو 18 سال گذر گئے، حکومت اب تو عافیہ کی رہائی کے لئے سنجیدگی سے کوشش کرے

کراچی (این این آئی) ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی بہشیرہ اور عافیہ موومنٹ کی رہنماء ڈاکٹر فوزیہ صدیقی نے کہا ہے کہ بیٹیاں بچی نہیں جاتیں، منافع کے لئے کوئی اور کام کیا جائے۔ عافیہ صدیقی کو زندہ درگور کرکے حکمرانوں نے ملک کو زمانہ جاہلیت میں پہنچا دیا

بقیہ 23 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

پیپلز پارٹی نے لوٹ مار کے لیے بھٹو کو زندہ رکھا ہوا ہے، حنید لاکھانی

پیپلز پارٹی اب شہید بھٹو کی نہیں آصف علی زرداری کی پارٹی بن چکی ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنماء سردار یعقوب ناصر، عہدیدار حنید لاکھانی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی ذوالفقار علی بھٹو اور محترمہ شہید

بقیہ 24 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت وہابی صوفرحال سے نمٹنے کیلئے اور کورونا کے پھیلاؤ پر قابو پانے کی کوششیں کررہی ہے، اسعد عمر

بینظیر بھٹو کی پارٹی نہیں رہی بلکہ اب زرداری گروپ کی پارٹی ہے اور افواہوں پر توہم ان کے

بقیہ 22 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

پی آئی اے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس 6 اپریل کو کراچی میں طلب

کراچی (این این آئی) پی آئی اے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس 6 اپریل بروز ساڑھے 11 بجے کراچی ہیڈ آفس میں طلب کرلیا گیا ہے۔ پی آئی اے کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس طلب، اجلاس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کراچی کے کمشنر

بقیہ 20 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

شہر قائد میں ذہنی معذور کھلاڑی کو سمیٹ طور پر اغوا کے بعد پراسرار طور پر قتل کردیا گیا

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں ذہنی معذور کھلاڑی کو سمیٹ طور پر اغوا کے بعد پراسرار طور پر قتل کردیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں ذہنی معذور کھلاڑی کا پراسرار قتل کے کئی سوالات

بقیہ 21 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

پولیس اسپتال کراچی کو افسران و اہلکاروں کیلئے فعال کردیا گیا

کراچی (این این آئی) پولیس اسپتال کراچی کو سندھ پولیس افسران و اہلکاروں کے لیے فعال کردیا گیا۔ ترجمان کراچی پولیس کے مطابق اسپتال میں قائم ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف تعینات کیا گیا ہے، پنجاب کے عوام کو خوشخبریاں دیں گے۔ ترقی

بقیہ 25 سنڈیمر پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ پاک سرزمین پارٹی بلوچستان کے صدر میر شمس بینگل پارٹی میں شمولیت کرنیوالوں سے ملاقات کررہے ہیں